آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
MEMBER OF APNS & CPNE
روزنامہ
Daily SHAL Quetta
شال کوئٹہ
www.dailyshal.com
جلد نمبر 38 | بروز منگل 20 اکتوبر 2026ء بمطابق 08 جمادی الاول 1448ھ قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 246

# دانش سکول تعلیمی انقلاب برپا کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، وزیراعظم

دانش سکول معیاری تعلیم فراہم کرنے اور تعلیمی انقلاب برپا کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں، جبکہ جدید تدریسی طریقوں سے تعلیمی شعبے میں مزید بہتری کے مواقع پیدا ہوں گے

مصنوعی ذہانت اور جدید ٹیکنالوجی سے طلبہ اور اساتذہ کے لیے ترقی کے نئے مواقع پیدا ہوں گے، وزیراعظم کا وزارت تعلیم اور گوتھ اے آئی کے درمیان تعاون کی مفاہمتی یادداشت پر دستخط کی تقریب سے خطاب

اسلام آباد (یو این اے) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ حکومت طلبہ کی معیاری تعلیم اور انہیں جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ کرنے کے لیے تمام ضروری وسائل فراہم کرے گی، وزارت تعلیم اور گوتھ اے آئی کے درمیان تعاون سے ملک بھر کے طلبہ، اساتذہ اور نوجوان نسل کو ترقی کے نئے امکانات میسر آئیں گے، جدید تدریسی طریقوں کے ذریعے تعلیمی شعبے میں مزید بہتری کے مواقع تلاش کیے جائیں گے جبکہ دانش سکول تعلیمی انقلاب برپا کرنے اور معیاری تعلیم فراہم کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وزارت تعلیم اور گوتھ اے آئی کے درمیان تعاون کی مفاہمتی یادداشت پر دستخط کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

## پی ایف یو جے کا 3 نومبر سے ملک گیر احتجاجی تحریک شروع کرنے کا اعلان

آزادی صحافت، صحافیوں کے معاشی و قانونی حقوق کا تحفظ اور واجبات کی ادائیگی تحریک کے بنیادی مطالبات ہوں گے، کراچی میں 24 گھنٹے احتجاجی کیمپ لگانے کا فیصلہ

احتجاجی تحریک کا آغاز 3 نومبر کو ملک بھر میں مظاہروں اور ریلیوں سے ہوگا، جبکہ 7 نومبر شام 4 بجے سے 8 نومبر شام 4 بجے تک کراچی پریس کلب کے باہر 24 گھنٹے کا احتجاجی کیمپ لگایا جائے گا

کوئٹہ / کراچی (آن لائن) پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس (پی ایف یو جے) نے آزادی صحافت کے تحفظ، صحافیوں اور میڈیا ورکرز کے معاشی و قانونی حقوق کی بحالی، جبری برطرفیوں کی روک تھام اور واجب الادا تنخواہوں کی ادائیگی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

## مذاکرات: پی ٹی آئی کور کمیٹی اجلاس کی اندرونی کہانی، اختلافات کھل کر سامنے آگئے

مذاکرات کی ناکامی جانے کے لیے اراکین کا فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی بنانے کا مطالبہ، چیئرمین پی ٹی آئی کا انکار

اسلام آباد (آن لائن) حکومت کے ساتھ مذاکرات کے حوالے سے پی ٹی آئی کور کمیٹی اجلاس کی اندرونی کہانی سامنے آگئی۔ پی ٹی آئی کور کمیٹی نے مذاکرات پر فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی بنانے کا مطالبہ کر دیا۔ جب کہ ذرائع کے مطابق چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کمیٹی بنانے سے انکار کر دیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پی ٹی آئی کور کمیٹی اجلاس میں اراکین پارٹی قیادت پر تنقید کرتے رہے۔ اراکین نے لانگ مارچ کی تاریخ سے لے کر ایمرجنسی لگنے تک جو کچھ ہوا اس پر فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی بنانے کا کہہ دیا۔ ذرائع کے مطابق اراکین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

## بلوچستان، سیکیورٹی فورسز کی کارروائی، 4 دہشتگرد ہلاک، میجر وجاہت وحید شہید

آئی ای ڈی کے دھماکے میں میجر وجاہت وحید نے جام شہادت نوش کیا، عمر 34 سال اور تعلق لاہور سے تھا

سیکورٹی فورسز کا عزم استحکام کے تحت دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں جاری رکھنے کے عزم کا اظہار

راولپنڈی / قلات / گوادر (این این آئی) سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے ضلع قلات اور گوادر میں فتنہ الہندوستان کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 4 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا جبکہ پاک فوج کے میجر وجاہت وحید نے جام شہادت نوش کیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق 18 اکتوبر کو قلات کے علاقے جنگ آباد میں انٹیلی جنس بنیادوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

☆☆☆اسلام آباد، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار ضروری اشیاء کی برآمدات کا جائزہ لینے کے لیے کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں☆☆☆

# مشرق وسطیٰ میں فوجی تنازع کا پھیلاؤ کسی کے مفاد میں نہیں، فوجی ترجمان

سعودی عرب کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت پاکستان کے لیے اولین ترجیح ہے، مقدس مقامات پر حملوں پر عوام، سیاسی اور عسکری قیادت میں شدید غم وغصہ ہے

مشرق وسطیٰ کے فوجی تنازع کو مزید پھیلانا کسی کے مفاد میں نہیں، مذاکرات کے ذریعے کسی نتیجے پر پہنچنا ناگزیر ہے، اتحاد کا مقصد خطے میں امن، استحکام اور سلامتی کو فروغ دینا ہے، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

راولپنڈی (آن لائن) ڈائریکٹر جنرل انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کا کہنا ہے کہ حرمین شریفین کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوسکتا، مقدس مقامات پر حملوں پر عوام، سیاسی اور عسکری قیادت میں شدید غم وغصہ ہے۔ عرب ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ سعودی عرب کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت پاکستان کے لیے اولین ترجیح ہے، حرمین شریفین کا تحفظ پاکستان کے لیے اولین ترجیح ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کا کہنا ہے کہ پاکستان کا موقف بالکل واضح اور دوٹوک ہے، پاکستان کا پیغام سیاسی قیادت اور فیلڈ مارشل کے ذریعے پہلے ہی سامنے آچکا ہے، مقدس مقامات پر حملوں پر عوام، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

## پاک فوج کی قربانیوں پر کوئی شک ہی نہیں: نواز شریف

ہمارے فوجی بڑی دلیری کے ساتھ لڑ رہے ہیں، اللہ تعالیٰ شہدا کو اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مقام دے

لندن (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر اور سابق وزیراعظم نواز شریف نے کہا ہے کہ پاک فوج کی قربانیوں پر کوئی شک نہیں ہے۔ مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف نے لندن میں ایون فیلڈ سے روانگی کے موقع پر صحافیوں سے گفتگو کی۔ پاک فوج کی قربانیوں سے متعلق سوال پر سابق وزیراعظم نواز شریف نے کہا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

## جھل مگسی، تحصیل گنداواہ کے علاقے کھاری سے دو مقامی افراد اغوا

جھل مگسی (یو این اے) ضلع جھل مگسی کی تحصیل گنداواہ کے علاقے کھاری سے نامعلوم مسلح افراد نے دو مقامی شہریوں کو اغوا کر لیا۔ خاندانی ذرائع کے مطابق اغوا ہونے والے دونوں افراد کی شناخت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

## اسپیشل سیکریٹری صحت بلوچستان کا پبلک ویلفیئر ہسپتال سوئی کا دورہ، طبی سہولیات کا جائزہ لیا

انڈس ہسپتال اینڈ ہیلتھ نیٹ ورک کے زیر انتظام ہسپتال میں عوام کو مفت اور معیاری طبی سہولیات پر بریفنگ دی گئی

ڈیرہ بگٹی (آن لائن) حکومت بلوچستان کے اسپیشل سیکریٹری صحت شیک بلوچ نے ڈپٹی کمشنر ساتھ ڈیرہ بگٹی ذوہیب الحق، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر اعظم بگٹی اور ڈسٹرکٹ مینیجر پی پی ایچ آئی سعید بگٹی کے ہمراہ پبلک ویلفیئر ہسپتال سوئی کا دورہ کیا، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

## نیتن یاہو جیل سے بچنے کے لیے امریکا کو ایک اور جنگ میں دھکیل رہا ہے، عباس عراقچی

آپ دوبارہ قسمت آزمانا چاہتے ہیں تو ضرور آزمائیں، مگر خبردار رہیں، ہمارے بھی کچھ کام ادھورے ہیں

تہران (آن لائن) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ نیتن یاہو جیل سے بچنے کے لیے امریکا کو ایک اور جنگ میں دھکیل رہا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پچھلی بار جب آپ نے کام تمام کرنا چاہا تو ایران پہلے سے بھی زیادہ مضبوط ہو کر ابھرا۔ عباس عراقچی نے کہا کہ آپ دوبارہ قسمت آزمانا چاہتے ہیں تو ضرور آزمائیں، مگر خبردار رہیں

## نائب وزیراعظم اسحاق ڈار ایس سی او اجلاس میں شرکت کیلئے تاجکستان روانہ

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار تاجکستان کے دارالحکومت دوشنبے میں شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے سربراہان حکومت کونسل کے اجلاس میں شرکت کیلئے روانہ ہوگئے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق نائب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

## وزیراعظم کا قلات و گوادر میں 4 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر فورسز کو خراج تحسین

پسنی دھماکے میں جام شہادت نوش کرنے والے میجر وجاہت وحید شہید کو خراج عقیدت پیش

لاہور (یو این اے) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بلوچستان کے ضلع قلات اور گوادر میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الہندوستان کے خلاف کامیاب آپریشنز میں 4 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو زبردست خراج تحسین اور پسنی میں آئی ای ڈی دھماکے میں جام شہادت نوش کرنے والے 34 سالہ میجر وجاہت وحید شہید کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا

## گورنر راج کا فیصلہ بہت پہلے ہو چکا تھا، مذاکرات صرف دکھاوا تھے: اسد قیصر

سوشل میڈیا پر جو باتیں سامنے آتی ہیں اس میں کوئی حقیقت نہیں ہوتی، سینئر رہنما پی ٹی آئی

اسلام آباد (آن لائن) پی ٹی آئی کے سینئر رہنما اسد قیصر نے حکومت کی جانب سے مذاکرات کو دکھاوا قرار دے دیا۔ ایک ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے اسد قیصر نے کہا کہ لانگ مارچ سے متعلق فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی بنانے پر غور ہو رہا ہے۔ انہوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

## وزیراعظم آج پشاور کا دورہ کریں گے، مشاورتی کونسل اور مشران سے ملاقاتیں ہوں گی

اسلام آباد (آن لائن) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کی دعوت پر وزیراعظم شہباز شریف کا (آج) منگل کو دورہ پشاور پر پہنچنے کا امکان ہے۔ خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے بعد دورہ کر رہے ہیں۔

# محمود اچکزئی کا اپوزیشن لیڈر کے عہدے سے مستعفی ہونے سے انکار

اگر اڈیالہ جیل میں موجود وہ شخص جس نے مجھے قائد حزب اختلاف نامزد کیا تھا عہدہ چھوڑنے کا مطالبہ کرے گا تو مستعفی ہو جاؤں گا، محمود اچکزئی کی ساتھیوں سے بات چیت

محمود اچکزئی کو رواں سال جنوری میں قومی اسمبلی کے اسپیکر نے قائدِ حزب اختلاف مقرر کیا تھا

اسلام آباد (آن لائن) محمود خان اچکزئی نے اپوزیشن لیڈر کے عہدے سے مستعفی ہونے سے انکار کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی پاکستان تحریک انصاف کی اعلیٰ سطح کی کمیٹی کے اس مبینہ مطالبے پر اپنے عہدے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

اسلام آباد، وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد لغاری سردار فاروق احمد خان لغاری میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

## جسٹس حسن اظہر رضوی نے بطور قائم مقام چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت حلف اٹھالیا

اسلام آباد (آن لائن) جسٹس حسن اظہر رضوی نے قائم مقام چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت کے عہدے کا حلف اٹھا لیا۔ حلف برداری کی تقریب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

## پاک امریکا تعلقات پر سیمینار، مشترکہ مفادات کی بنیاد پر آگے بڑھنے پر زور

سیمینار میں سابق سفارت کاروں، ماہرین تعلیم اور دفاعی امور کے ماہرین کی شرکت کی

واشنگٹن (آن لائن) امریکا کے ٹرومین سینٹر میں سلامتی سے خوشحالی تک: پاک امریکا تعلقات کا نیا دور کے موضوع پر سیمینار کا انعقاد ہوا جس میں ماضی کے بجائے مشترکہ مفادات کی بنیاد پر آگے بڑھنے پر زور دیا گیا۔ امریکا میں ہونے والے اس سیمینار میں سابق سفارت کاروں، ماہرین تعلیم اور دفاعی امور کے ماہرین کی شرکت کی، پاکستان کے سابق سفیر سردار مسعود خان اور اقوام متحدہ میں پاکستان کے سابق مستقل مندوب منیر اکرم بھی موجود تھے۔

## پی ٹی آئی کے ایم این اے مولانا نسیم شاہ کو گرفتار کرلیا گیا

انہیں گرفتار کرنے کی ویڈیو بھی سامنے آگئی جس میں پولیس اہلکار انہیں پکڑ کر لے جارہے ہیں

بنوں (آن لائن) پی ٹی آئی کے ایم این اے مولانا نسیم شاہ کو گرفتار کرلیا گیا۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق تحریک انصاف کے رکن قومی اسمبلی مولانا نسیم شاہ کو پولیس نے بنوں سے گرفتار کرلیا۔ انہیں گرفتار کرنے کی ویڈیو بھی سامنے آگئی جس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

☆☆☆اسلام آباد، جسٹس سید حسن اظہر رضوی وفاقی آئینی عدالت کے قائم مقام چیف جسٹس کے عہدے کا حلف اٹھا رہے ہیں☆☆☆

## روس کا ایران اور امریکہ سے اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر واپس آنے کا مطالبہ

منامہ (آن لائن) خلیج تعاون کونسل کے رکن ممالک کا بحرین میں اجلاس ہوا، روسی وزیر خارجہ سرگئی لاوروف نے بھی شرکت کی۔ خلیجی ممالک نے روس سے ایران کے ساتھ روابط میں اپنا اثر و رسوخ استعمال کرنے کا مطالبہ کر دیا

## ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری کا گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری اسکول قلات کا دورہ

خستہ حال کمروں کی مرمت، بک اسٹور کی توسیع اور طالبات کے لیے نئے کمروں کی تعمیر کا اعلان

قلات (ح ن) ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نثار احمد نورزئی کے ہمراہ گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری اسکول قلات کا دورہ کیا، جہاں ہیڈ مسٹریس یاسمین شاہوانی نے انہیں سکول میں دستیاب تعلیمی سہولیات، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

# پاکستان میں غربت کورونا وبا سے پہلے کی سطح سے بھی بڑھ گئی، عالمی بینک

پاکستان میں غربت کی بگڑتی صورت حال نے پورے خطے میں غربت کے اضافے میں نمایاں کردار ادا کیا ہے

مہنگائی، اور معاشی مشکلات نے عوام کی قوت خرید متاثر کردی، خطے کے یومیہ 3 ڈالر سے کم آمدنی والے انتہائی غریب افراد میں 48 فیصد پاکستانی شامل

کراچی (این این آئی) عالمی بینک کی رپورٹ کے مطابق مشرق وسطیٰ، شمالی افریقہ، افغانستان اور پاکستان پر مشتمل خطے میں یومیہ 3 ڈالر سے کم آمدنی پر گزارا کرنے والے انتہائی غریب افراد میں 48 فیصد پاکستان میں رہتے ہیں، جبکہ یہ دنیا کا واحد خطہ ہے جہاں غربت کی شرح اب بھی کورونا وبا سے پہلے کی سطح سے زیادہ ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان میں 19-2018 سے 25-2024 کے دوران یومیہ 3 ڈالر سے کم آمدنی کی بنیاد پر غربت میں 64 فیصد اضافہ ہوا، جبکہ یومیہ 4.20 ڈالر سے کم آمدنی کی بنیاد پر غربت کی شرح میں بھی 32 فیصد پوائنٹس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

## پسنی کے علاقے چکلی سے دو نامعلوم افراد کی لاشیں برآمد

عبدالغفور بیچنگ ہسپتال گوادر میں منتقل کی گئی لاشوں کی تاحال شناخت نہ ہوسکی، ذرائع

پسنی (یو این اے) پسنی کے علاقے چکلی سے دو نامعلوم افراد کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔ اطلاعات کے مطابق دونوں لاشوں کو فوری طور پر عبدالغفور بیچنگ ہسپتال گوادر منتقل کر دیا گیا ہے، جہاں تاحال ان کی شناخت ممکن نہیں ہوسکی ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

## امریکا کا مشرقِ وسطیٰ میں اپنے شہریوں کیلئے سیکیورٹی الرٹ جاری

سیکیورٹی الرٹ میں اردن، عراق، ایران، یمن، لبنان اور شام سمیت خلیجی ممالک شامل ہیں، میڈیا رپورٹس

واشنگٹن (آن لائن) مشرقِ وسطیٰ میں امریکا نے اپنے شہریوں کے لیے سیکیورٹی الرٹ جاری کر دیا۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق مشرق وسطیٰ کے 12 ممالک کے امریکی سفارت خانوں نے سیکیورٹی الرٹ جاری کیا ہے۔ عرب میڈیا کا کہنا ہے کہ الرٹ ایران اور یمن حوثی ملیشیا کے حملوں کے خطرات پر جاری کیا گیا۔ سیکیورٹی الرٹ میں اردن، عراق، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

## افغانستان سے سرحد پار جرائم وسطی ایشیا کے استحکام کیلئے سنگین خطرہ ہے، امریکی جریدہ

افغانستان میں سیکیورٹی کی صورتحال پڑوسی ممالک کیلئے بدستور تشویش کا باعث ہے، رپورٹ

نیویارک (آن لائن) افغانستان سے دہشتگردی اور منشیات اسمگلنگ کے پھیلاؤ پر عالمی سطح پر تشویش بڑھ رہی ہے۔ امریکی جریدہ یوریشیا ریویو کے مطابق افغانستان میں سیکیورٹی کی صورتحال پڑوسی ممالک کیلئے بدستور تشویش کا باعث ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

## ایسا کوئی کام نہیں کرنا چاہتا جس سے روس مذاکرات کی میز سے دور چلا جائے، ٹرمپ

روسی برآمدات سے متعلق پابندیوں اور ٹیرف کو ہٹانے کا فیصلہ اسے مذاکرات کی میز پر برقرار رکھنے کی کوشش ہے

واشنگٹن (آن لائن) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ میں ایسا کوئی قدم نہیں اٹھانا چاہتا جس سے روس مذاکرات سے دور ہو جائے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ روسی برآمدات سے متعلق پابندیوں اور ٹیرف کو ہٹانے کا فیصلہ روس کو مذاکرات کی میز پر برقرار رکھنے کی ایک کوشش ہے۔ ٹرمپ کا کہنا ہے کہ روس کے حوالے سے ان کا فیصلہ بہت سادہ ہے۔

## گنداخہ میں پانی کی قلت سمیت مختلف عوامی مسائل پر سردار محمد بارون خان جمالی سے اہم ملاقات

گنداخہ (آن لائن) گوٹھ سردار رستم خان جمالی، بھکرڑا میں چیف سردار محمد بارون خان جمالی سے سیاسی، سماجی اور قبائلی شخصیات نے ملاقات کی۔ اس موقع پر میر ضرار خان جمالی بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران تحصیل گنداخہ میں پانی کی قلت سمیت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

کوئٹہ، وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو جیلوں میں اصلاحات کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## بلوچستان اسمبلی، میجر وجاہت وحید اور نصیرآباد کے شہید پولیس اہلکاروں کیلئے فاتحہ خوانی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت 25 منٹ کی تاخیر سے شروع ہوا۔ اجلاس کے دوران گوادر میں شہید ہونے والے میجر وجاہت وحید اور نصیرآباد میں شہادت پانے والے پولیس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

## ایرانی صدر کی دفاعی معاہدے کی حمایت کا خیر مقدم کرتے ہیں: طاہر اشرفی

کہ ایرانی قیادت کا حوثیوں سے لاتعلقی کا اعلان درست سمت میں قدم ہے، چیئرمین پاکستان علما کونسل

اسلام آباد (آن لائن) چیئرمین پاکستان علما کونسل حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ ایرانی صدر کی دفاعی معاہدے کی حمایت کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ اپنے بیان میں حافظ طاہر اشرفی کا کہنا تھا کہ ایرانی قیادت کا حوثیوں سے لاتعلقی کا اعلان درست سمت میں قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ دفاعی معاہدے میں دیگر اسلامی ممالک بھی شامل ہوں گے۔

# مولانا فضل الرحمان کا غصہ وقت کے ساتھ نارمل ہو جائے گا، رانا ثنا اللہ

خیبر پختونخوا میں گورنر راج پر مولانا کو اپنے انداز میں بات کرنی چاہیے، معاملے کو پختونوں سے منسلک کرنا بنیادی قومی یکجہتی کیلئے بہتر نہیں

مولانا فضل الرحمان نے نواز شریف کے بیان کا جو حوالہ دیا اس وقت اور حالات تھے، نجی ٹی وی سے گفتگو

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم کے مشیر رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمان کا غصہ وقت کے ساتھ نارمل ہو جائے گا، مولانا فضل الرحمان نے نواز شریف کے بیان کا جو حوالہ دیا اس وقت اور حالات تھے، اس وقت جو حالات تھے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

اسلام آباد، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار شنگھائی تعاون تنظیم کے اجلاس میں شرکت کیلئے دوشنبے، تاجکستان پہنچنے پر استقبال کیا جا رہا ہے

## وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار سے یونیڈو کے وفد کی ملاقات

اسلام آباد (یو این اے) وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان سے اقوام متحدہ کے صنعتی ترقی کے ادارے (یونیڈو) کے وفد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

## ریاض ایئرپورٹ پر حملوں میں 17 پاکستانی زخمی ہوئے، سفارتی ذرائع

ریاض (آن لائن) سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر حوثیوں کے دو حملوں میں 17 پاکستانی شہری زخمی ہوگئے، جن میں پانچ خواتین بھی شامل ہیں۔

## آبنائے ہرمز میں 6000 ملاح اب بھی پھنسے ہوئے ہیں، میری ٹائم چیف اقوام متحدہ

تقریباً دو ہفتوں کے دوران آبی گزرگاہ پر 24 بحری جہازوں پر حملہ کیا گیا ہے

نیویارک (آن لائن) اقوام متحدہ کے میری ٹائم چیف نے خبردار کیا ہے کہ تجارتی بحری جہازوں پر بڑھتے ہوئے حملوں کے درمیان ہزاروں ملاح آبنائے ہرمز کے قریب پھنسے ہوئے ہیں۔ فنانشل ٹائمز کے مطابق، یہ وارننگ ان رپورٹس کے درمیان بھی سامنے آئی ہے کہ تقریباً دو ہفتوں کے دوران آبی گزرگاہ پر 24 بحری جہازوں پر حملہ کیا گیا ہے، جس سے خطے میں سمندری حفاظت کے بارے میں بڑھتے ہوئے خدشات کو اجاگر کیا گیا ہے۔

## دہشت گردوں کا پورے ملک سے قلع قمع کیا جائیگا، صدر مملکت

آصف علی زرداری کا بلوچستان میں 4 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (یو این اے) صدر مملکت آصف علی زرداری نے بلوچستان کے اضلاع قلات اور گوادر کے مختلف علاقوں میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الہندوستان کے 4 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش اور ضلع گوادر کے علاقے شادی کور میں دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کے دوران میجر وجاہت وحید کی شہادت پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے وطن عزیز کے دفاع اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے میجر وجاہت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

# ایران اور امریکا کشیدگی کم کرنے کے لیے پاکستان نے ہر ممکن سفارتی کوشش کی، محسن نقوی

مذاکراتی عمل کے دوران کئی مواقع پر صورت حال انتہائی کشیدہ ہوئی، تاہم پاکستان نے مشکل حالات میں بھی سفارتی رابطے منقطع نہیں ہونے دیے

پاکستان ایسا مستقبل چاہتا ہے جہاں جنگیں شروع ہونے سے پہلے ہی اختلافات کو مذاکرات کے ذریعے حل کرلیا جائے، گلوبل سکیورٹی فورم سے خطاب

دوحہ (آئی این پی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ ایران اور امریکا کے درمیان کشیدگی کم کرنے اور مذاکرات کی راہ ہموار کرنے کے لیے پاکستان نے ہر ممکن سفارتی کوشش کی، مذاکراتی عمل کے دوران کئی مواقع پر صورت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

## پاکستان میں غیرملکی سرمایہ کاری کے فروغ کے لئے اہم پیشرفت

اسلام آباد (آن لائن) خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) کے تعاون سے پاکستان میں غیرملکی سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے اہم پیشرفت سامنے آئی ہے۔

## پاکستان میں انسانی وسائل کی ترقی پر سرمایہ کاری ناگزیر ہے، ایشیائی ترقیاتی بینک

اسلام آباد (یو این اے) ایشیائی ترقیاتی بینک نے کہا ہے کہ پاکستان بے پناہ ترقیاتی امکانات کا حامل ملک ہے اور تزویراتی محل وقوع، وافر قدرتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

کوئٹہ، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان صوبے میں ویکسی نیشن اور سرویلنس سسٹم کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com


# اداریہ
# EDITORIAL


لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com



اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نقطہ نظریہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں


20 اکتوبر 2026ء

## بلوچستان اسمبلی میں بھرتیوں میں مبینہ بے ضابطگیوں پر گرما گرم بحث

بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں محکمہ کھیل میں بھرتیوں کے دوران مبینہ بے ضابطگیوں اور پیسے لینے کے الزامات پر حکومتی واپوزیشن ارکان کے درمیان گرما گرم بحث جبکہ اسپیکر عبدالخالق اچکزئی نے بارکھان میں زمیندار کے بیٹے کے قتل کا مقدمہ درج کرانے اور سبی سے مبینہ طور پر اغوا ہونے والی 14 سالہ ہندو لڑکی کی بازیابی کے معاملے پر متعلقہ حکام کو اقدامات کی ہدایت کردی۔ پیر کو بلوچستان اسمبلی کا اجلاس اسپیکر عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت شروع ہوا۔ اجلاس کے دوران گوادر میں دھماکے میں شہید میجر وجاہت اور نصیر آباد میں شہید ہونے والے دو پولیس اہلکاروں کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی گئی۔ اجلاس میں رکن اسمبلی ڈاکٹر اشوک کمار نے نقطہ اعتراض پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ سبی سے ہندو برادری کی 14 سالہ لڑکی بندیہ کو اغوا کر کے سندھ کے علاقے بخشہ پور لے جایا گیا ہے، جہاں مبینہ طور پر اس کا مذہب تبدیل کر کے نکاح کرایا گیا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ لڑکی کو بازیاب کرایا جائے کیونکہ ان کے مطابق 14 سالہ لڑکی کا نکاح نہیں ہوسکتا۔ اس موقع پر سنجے کمار نے کہا کہ ان کے پاس لڑکی کی عمر 14 سال ہونے کے تمام ثبوت موجود ہیں۔ اسپیکر عبدالخالق اچکزئی نے رولنگ دیتے ہوئے کہا کہ اگر کورٹ میرج ہوئی ہے تو لڑکی کی عمر 18 سال ہونی چاہیے، جبکہ قبائلی طور پر نکاح کرایا گیا ہے تو اس پر کارروائی ہونی چاہیے۔ انہوں نے وزیر داخلہ کو معاملے کا نوٹس لینے اور سندھ حکومت سے رابطہ کرنے کی ہدایت کی۔ وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے ایوان کو بتایا کہ حکومت نے معاملے کا نوٹس لے لیا ہے اور سندھ حکومت سے رابطہ کیا جا رہا ہے۔ رکن اسمبلی سردار عبدالرحمان کھیتران نے بارکھان میں ایک زمیندار کے بیٹے کے بے دردی سے قتل کا معاملہ اٹھاتے ہوئے واقعے کی رپورٹ درج کرنے کا مطالبہ کیا۔ اسپیکر نے ڈی آئی جی کو ہدایت کی کہ واقعے کا مقدمہ درج کرایا جائے۔ اجلاس میں محکمہ کھیل میں بھرتیوں کے معاملے پر بھی ارکان کے درمیان سخت جملوں کا تبادلہ ہوا۔ پارلیمانی سیکرٹری اسفند یار کاکڑ نے کہا کہ ضلع پشین میں محکمہ کھیل میں باہر کے لوگوں کو ملازمتیں دی گئی ہیں اور بھرتیوں میں بے قاعدگیوں کا نوٹس لیا جانا چاہیے۔ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے چیئرمین اصغر علی ترین نے کہا کہ محکموں میں بھرتیوں کے دوران کمیٹیوں کے ارکان بھرتیاں کر لیتے ہیں، جبکہ بدنامی منتخب نمائندوں کے حصے میں آتی ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ صوبے کے محکموں میں پیسے لے کر بھرتیاں کی جا رہی ہیں۔ صوبائی وزیر ظہور بلیدی نے ارکان کی جانب سے لگائے گئے الزامات کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ سب سے زیادہ بھرتیاں محکمہ تعلیم میں ہوئی ہیں اور تعلیم وصحت کے شعبوں میں بھرتیوں کے حوالے سے کوئی شکایت موصول نہیں ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ گوادر میں بھرتیوں سے متعلق شکایت سامنے آنے پر وزیر اعلیٰ نے ڈپٹی کمشنر سمیت پوری کمیٹی تبدیل کر دی تھی۔ ان کا کہنا تھا کہ ان کے پاس چھ محکمے ہیں اور اگر کوئی ثابت کر دے کہ بھرتیوں میں پیسے لیے گئے ہیں تو وہ استعفیٰ دے دیں گے۔ مشیر کھیل مینا مجید نے بھی محکمہ کھیل میں پیسے لے کر بھرتیاں کرنے کے الزام کو غلط قرار دیتے ہوئے کہا کہ الزام لگانے والے ثابت کریں کہ متعلقہ ڈویژن یا ضلع سے میرٹ کے خلاف بھرتیاں ہوئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ ارکان کی مرضی پر کسی کو بھرتی نہیں کر سکتیں اور اگر کسی کے پاس ثبوت ہیں تو وہ ایوان میں پیش کرے۔ اسپیکر عبدالخالق اچکزئی نے کہا کہ محکمہ کھیل میں بھرتیوں کے معاملے سے وزیر اعلیٰ کو آگاہ کیا جائے گا اور وہ ایوان میں جواب دیں گے۔ بحث کے دوران اسفند یار کاکڑ نے کہا کہ منتخب ارکان خواتین ارکان سے سوال کر سکتے ہیں۔ اس پر اسپیکر نے کہا کہ بلوچستان میں پیپلز پارٹی کی حکومت ہے اور مسلم لیگ اس کے ساتھ شامل ہے، اس نوعیت کی باتیں کر کے وزیر اعلیٰ پر عدم اعتماد کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ ڈپٹی اسپیکر غزالہ گولہ نے اس موقف پر اعتراض کرتے ہوئے کہا کہ خواتین ارکان بھی اسی طرح منتخب ہو کر آئی ہیں جس طرح دیگر ارکان، اس لیے منتخب خواتین ارکان کے بارے میں اس انداز میں بات نہیں کی جانی چاہیے۔ قائد حزب اختلاف میر یونس عزیز زہری نے حکومتی ارکان کو مشورہ دیا کہ وہ اپنے مسائل کابینہ یا وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ میں بیٹھ کر حل کریں۔ انہوں نے کہا کہ ایک گھنٹے سے ایوان میں اسی معاملے پر بحث جاری ہے۔ اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری عبدالمجید بادینی نے نصیر آباد کے علاقے کیٹل فارم میں تقریباً 50 سال سے آباد لوگوں سے زمین چھینے جانے کا معاملہ اٹھایا۔ اسپیکر نے اس حوالے سے کمشنر نصیر آباد سے رپورٹ طلب کرنے کی رولنگ دی۔ مولانا ہدایت الرحمان نے کوئٹہ اور تربت کے علاوہ صوبے کے دیگر اضلاع میں گرین بسوں کی فراہمی سے متعلق توجہ دلاؤ نوٹس پیش کیا، جسے بعد ازاں نمٹا دیا گیا۔ نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے پاک ایران سرحدی گزرگاہیں بند کیے جانے کا معاملہ اٹھاتے ہوئے تفتان اور ردان کے بارڈر کھولنے کا مطالبہ کیا۔ اجلاس کے دوران اکاؤنٹس آف گورنمنٹ اینڈ لوکل کونسلز بلوچستان کی آڈٹ رپورٹ بھی ایوان میں پیش کی گئی، جسے پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا۔ بعد ازاں بلوچستان اسمبلی کا اجلاس 22 اکتوبر سہ پہر تین بجے تک ملتوی کر دیا گیا۔

## بیانیے کی سیاست اور احتساب کا منظر نامہ

اشرف شریف

پاکستانی سیاست کا حالیہ منظرنامہ محض شخصیات، جماعتوں یا اقتدار کی کشمکش نہیں، بلکہ بیانیے کی ایسی جنگ بن چکا ہے جہاں سچ، تاثر اور تزویراتی حکمت عملی کی سرحدیں مدغم ہو گئی ہیں۔ تحریک انصاف کی قیادت، خصوصاً سابق وزیر اعظم عمران خان کے گرد بنتی اور بگڑتی قانونی اور سیاسی صورت حال نے نہ صرف ملکی عدالتی نظام بلکہ عوامی رائے سازی کے طریقہ کار کو بھی ایک نئی روشنی میں لا کھڑا کیا ہے۔ 13 جولائی کو مسلم لیگ (ن) کی رہنما عظمیٰ بخاری نے ایک پریس کانفرنس میں تحریکِ انصاف پر الزام عائد کیا کہ وہ سوشل میڈیا کو ایک منظم ہتھیار کے طور پر استعمال کر رہی ہے تاکہ ریاستی اداروں، مخالف سیاسی جماعتوں اور کچھ معروف شخصیات پر دباو? ڈالا جا سکے۔ ان کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی کی جانب سے سوشل میڈیا پر مظلومیت کا تاثر ابھارنے کی کوشش کی جا رہی ہے، حالانکہ عمران خان کے غیر ملکی میڈیا سے انٹرویوز اور قومی پرنٹ میڈیا میں شائع ہونے والے بیانات اس بات کی دلیل ہیں کہ وہ حالات سے پوری طرح باخبر اور پارٹی پر اثر انداز ہیں۔ اس تجزیے کو صرف الزام تراشی یا جماعتی اختلاف کا نام دینا درست نہیں۔ آج کی سیاست میں سوشل میڈیا ایک ناقابلِ انکار حقیقت ہے، جو رائے عامہ بنانے، بیانیہ ترتیب دینے اور مو?ثر تاثر قائم کرنے کا سب سے طاقتور ذریعہ بن چکا ہے۔

پی ٹی آئی کی میڈیا ٹیم کو اس میدان میں مہارت حاصل ہے۔ 2023 میں بھی دیکھا گیا کہ جب بھی کسی رہنما کو قانون نافذ کرنے والے اداروں نے گرفتار کیا، اس عمل کو 'اغوا' قرار دے کر سوشل میڈیا پر ایک مہم چلائی گئی۔ یہ بظاہر ایک سادہ احتجاجی ردعمل معلوم ہوتا ہے، لیکن ماہرین کے مطابق یہ دراصل بیانیے کی تشکیل کی ایک گہری حکمت عملی ہے جس میں واقعات کی اصل نوعیت کو بدل کر عوامی ہمدردی حاصل کی جاتی ہے۔ تاہم، تنقید کا ایک اور پہلو یہ ہے کہ پی ٹی آئی، جو اقتدار میں احتساب اور شفافیت کی دعوے دار رہی، اب خود اسی عمل کو سیاسی انتقام قرار دے رہی ہے۔ جب وہ حکومت میں تھی تو خود بھی اپوزیشن کے رہنماو?ں کے خلاف سخت بیانات اور گرفتاریوں کا دفاع کرتی رہی۔ اب، جب عمران خان پر توشہ خانہ اور دیگر مالیاتی مقدمات میں کارروائی کی گئی، تو اسے سیاسی دباو? اور غیر منصفانہ رویے کا نام دیا جا رہا ہے۔ ریاستی اداروں کا مو?قف ہے کہ یہ تمام مقدمات قانونی دائرہ کار میں درج کیے گئے، اور عمران خان کو دفاع کا پورا موقع فراہم کیا گیا۔ عدالتی کارروائیوں کا اگر غیر جذباتی تجزیہ کیا جائے تو سامنے آتا ہے کہ کئی مقدمات میں عمران خان یا ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کو سزا سنائی گئی، مگر اس کے بعد اپیل کا حق استعمال کیا گیا اور کچھ فیصلے معطل بھی ہوئے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ عدالتی نظام، اگرچہ سست رفتار ہو سکتا ہے، لیکن مکمل طور پر بند یا جانبدار نہیں ہے۔ ججز فیصلوں پر اختلاف کا دفاع کرتے ہیں۔ یہی وہ نکتہ ہے جہاں سے سیاسی اور عدالتی بیانیہ ایک دوسرے سے متصادم ہوتا ہے۔ ایک طرف، پی ٹی آئی کے حامیوں کا مو?قف ہے کہ ان کے رہنما کو دبانے کی کوشش کی جا رہی ہے، جبکہ ریاستی مو?قف یہ ہے کہ قانون کا اطلاق سب پر برابر ہونا چاہیے۔ عمران خان کی قید کے دوران میڈیا اور عوامی سطح پر ان کی موجودگی ایک اور دلچسپ پہلو ہے۔ اگرچہ وہ جسمانی طور پر جیل میں ہیں، مگر ان کی آواز، بیانات اور ہدایات مسلسل گردش میں رہتی ہیں۔ اطلاعات کے مطابق، ان کی طرف سے اب تک 400 سے زائد ٹویٹس سامنے آ چکی ہیں، جو قومی و بین الاقوامی سیاسی امور پر ان کے خیالات کی عکاسی کرتی ہیں۔ پارٹی قیادت میں ہونے والی تبدیلیاں اور مسلسل مشاورت اس بات کی دلیل ہیں کہ انہیں پارٹی کی اندرونی سیاست سے مکمل طور پر الگ نہیں کیا جا سکا۔ عمران خان کے قومی اور غیر ملکی میڈیا میں بیانات کا تسلسل اس سوال کو جنم دیتا ہے کہ کیا وہ واقعی ایک سیاسی قیدی ہیں یا ایک سرگرم سیاسی رہنما جنہوں نے محدود حالات میں بھی اپنی موجودگی کو برقرار رکھا ہے؟ سال 2024 کے دوران، انہوں نے فوکس نیوز، رائٹرز، آئی ٹی وی اور وال اسٹریٹ جرنل جیسے پلیٹ فارمز پر اپنی رائے دی اور قومی میڈیا میں بھی ان کے بیانات مسلسل شہ سرخیاں بنتے رہے۔ اگرچہ وہ قانونی طور پر سزا یافتہ ہیں، لیکن میڈیا تک ان کی رسائی نے روایتی قید کے تصور کو کافی حد تک بدل کر رکھ دیا ہے۔ اس تمام منظرنامے میں جو سب سے اہم سوال پیدا ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ کیا میں جو سب سے اہم سوال پیدا ہوا ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ کیا عمران خان اور پی ٹی آئی واقعی مظلومیت کی حالت میں ہیں، یا وہ ایک کامیاب بیانیہ سازی کے ذریعے اپنی سیاسی حیثیت کو قائم رکھنے میں کامیاب ہو رہے ہیں؟ یہ سوال اس لیے بھی اہم ہے کہ پاکستان جیسے معاشروں میں سیاست صرف کارکردگی یا قانون پر نہیں، تاثر اور ہمدردی پر بھی چلتی ہے۔ دوسری جانب، سیاسی مخالفین کی جانب سے عمران خان کو حاصل سہولیات پر تنقید بھی سامنے آتی رہی ہے۔ بی کلاس قیدیوں سے بڑھ کر سہولیات، سات کمروں پر مشتمل کمپلیکس، ورزش کی سہولت، اخبار و کتابیں اور ٹی وی تک رسائی، ان سب کا ذکر میڈیا اور سیاسی حلقوں میں ہوتا رہا ہے۔ اس کا مقصد شاید یہ باور کرانا ہوتا ہے کہ عمران خان کے ساتھ وہ سلوک نہیں کیا جا رہا جس کی شکایت وہ کرتے ہیں، بلکہ بعض پہلوو?ں میں وہ خاص رعایتوں سے بھی مستفید ہو رہے ہیں۔ جہاں تک پی ٹی آئی کی تنظیمی حکمت عملی کا تعلق ہے، تو یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ پارٹی میں قیادت کی سطح پر ہونے والی تبدیلیاں، مسلسل مشاورت، اور بیرونِ ملک مقیم اہل خانہ و مشیروں سے روابط اس بات کا ثبوت ہیں کہ سیاسی سرگرمیاں مکمل طور پر رکی نہیں ہیں بلکہ ان سرگرمیوں نے اس تاثر کو تقویت دی ہے کہ پی ٹی آئی پابندیوں اور قانونی مسائل کے باوجود خود کو متحرک رکھے ہوئے ہے۔ یہ وہ پیغام ہے جو حکومت کا کہنا ہے کہ اس نے دی ہے۔ آخر میں، یہ کہنا مناسب ہوگا کہ عمران خان اور ان کی جماعت اس وقت ایسے دو دھاری بیانیے پر چل رہے ہیں جہاں ایک طرف وہ خود کو نظام عدل کا نشانہ ظاہر کرتے ہیں اور دوسری طرف اسی نظام کے ذریعے اپنی موجودگی، اثر و رسوخ اور سیاسی بیانیے کو زندہ رکھے ہوئے ہیں۔ عدلیہ، پولیس انتظامیہ کے لیے اصل چیلنج یہی ہے کہ وہ قانون کی بالادستی قائم رکھتے ہوئے عوامی تاثر کی اس جنگ میں خود کو غیر جانبدار اور باوقار رکھ سکیں۔ جبکہ عوام کے لیے اصل سوال یہ ہے کہ وہ صرف بیانیہ سنیں، یا اس کے پیچھے کی حقیقت کو بھی پرکھیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## صبر کو بے بسی گردانا گیا

اقبال اصغر

تاریخ کے اوراق پر اگر کسی قوم نے خلوص نیت کے ساتھ امن کا پرچم بلند کیا تو وہ پاکستان ہے۔ وہ پاکستان جو خود خاک و خون کی نہروں سے گزرا، اپنے ہزاروں سپوتوں کی قربانی دے کر بھی اس خطے میں امن کی شمع جلانے کا عزم کیے ہوئے ہے۔ مگر افسوس! ہمارے خلوص کو ہماری کمزوری سمجھا گیا، ہمارے صبر کو بے بسی گردانا گیا، اور ہمارے دروازوں پر پھر سے وہی ناسور دستک دے رہا ہے جسے ہم نے خون جگر دے کر نکالا تھا۔ افغان سرزمین جس پر ایک عشرہ قبل پوری دنیا نے خون کی ہولی کھیلی، اب دوبارہ اس سازشی بساط کا مرکز بنتی جا رہی ہے۔ دوحہ معاہدے کا جو خواب افغان طالبان نے دنیا کو دکھایا تھا وہ خواب اب مٹی میں رل رہا ہے۔ معاہدے کی شقیں جو دنیا کے سامنے دہرا کر امید دلائی گئی تھی کہ افغان سرزمین کبھی کسی دوسرے ملک کے خلاف استعمال نہیں ہوگی وہ صرف لفظوں کی بازی گری ثابت ہوئی۔ آج جب ہم شمالی و جنوبی وزیرستان، بنوں، ڈی آئی خان اور بلوچستان کے پہاڑوں میں بارود کی بو محسوس کرتے ہیں، جب مسجدوں میں سجدے کرنے والے نمازی شہید کیے جاتے ہیں جب بچوں کی اسکول وینیں دہشت کی لپیٹ میں آتی ہیں تو ہمیں صاف نظر آتا ہے کہ یہ سب کچھ صرف دہشت گردی نہیں یہ منظم نیٹ ورکس کی کارستانی ہے۔ شمالی وزیرستان کی دھرتی پر 13 جانبازوں کی شہادت اور باجوڑ کی سرزمین پر اسسٹنٹ کمشنر کی گاڑی کو نشانہ بنانے والا بہیمانہ حملہ اس پورے سازشی جال کا پردہ چاک کر رہا ہے، جس کی ڈوریاں کابل کے اندھیروں میں ہلائی جا رہی ہیں اور یہ نیٹ ورکس کہاں سے کنٹرول ہو رہے ہیں؟

یہ سوال اب سوال نہیں رہا حقیقت ہے۔ افغانستان کی سرزمین پر موجود دہشت گرد گروہ بالخصوص فتنہ خوارج یعنی تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) ہر حملے کے بعد افغان حدود میں جا کر پناہ لیتے ہیں۔ یہ کیسا اسلامی اخوت کا دعویٰ ہے؟ ایک جانب ہم ان کی حکومت کو تسلیم کرتے ہیں ان کے سفارتی دفاتر کھولتے ہیں، ان کے عوام کو ریلیف مہیا کرتے ہیں اور دوسری جانب ان کی سرزمین سے وہ درندے ہمارے بے گناہ شہریوں پر حملے کرتے ہیں جنہیں ہم نے ہزاروں قربانیوں کے بعد نکالا تھا۔ افسوسناک پہلو یہ ہے کہ افغان حکومت یا تو بے بس ہے یا باقاعدہ سرپرستی کر رہی ہے۔ بلوچستان کے ضلع بولان میں ایک اندوہناک واقعہ پیش آیا۔ مسافر ٹرین جعفر ایکسپریس جو کوئٹہ سے راولپنڈی جا رہی تھی اچانک بم دھماکے کا نشانہ بنی۔ دھماکہ اس وقت کیا گیا جب مسافر غفلت کی نیند میں تھے، مائیں اپنے بچوں کو سلانے میں مصروف تھیں اور بزرگ اللہ کا شکر ادا کر رہے تھے۔ فتنہ خوارج اور فتنہ ہند کی بزدلانہ کارستانی نے درجنوں شہریوں کو شہید کر دیا۔ یہ حملے نہ صرف انسانی المیہ تھا بلکہ بین الاقوامی قانون، دوحہ معاہدے اور اسلامی اخوت کے چہرے پر طمانچہ تھا۔ بھارت کی خفیہ ایجنسی ''را'' اور افغان سرزمین پر موجود دہشتگرد نیٹ ورکس کا یہ گٹھ جوڑ کھل کر سامنے آ چکا ہے۔ خفیہ اداروں کی رپورٹوں کے مطابق جعفر ایکسپریس پر حملے کے ماسٹر مائنڈز افغانستان میں موجود ہیں جنہیں ٹی ٹی پی کی چھتری تلے تحفظ حاصل ہے اور جنہیں بھارتی تربیت اسلحہ اور مالی مدد حاصل ہے۔ افغان حکومت اگر واقعی خودمختار ہے اگر واقعی ان کے فیصلے کابل میں ہوتے ہیں نہ کہ قندھار کے عقبی کمروں میں تو پھر وہ کھلے الفاظ میں اعلان کرے کہ ٹی ٹی پی ان کی سرزمین پر کیوں موجود ہے؟ ان کے اسلحہ خانوں تک کیسے رسائی ہے؟ بھارت کی خفیہ ایجنسی ''را'' وہاں کس حیثیت میں آپریٹ کر رہی ہے؟ اور یہ کیوں کر ممکن ہے کہ پاکستان میں دہشت گردی کے واقعات ہوں اور ان کے تانے بانے سیدھے افغانستان سے جا ملیں؟ دنیا کو جان لینا چاہیے کہ پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف دو دہائیوں تک مسلسل جنگ لڑی ہے۔ ضرب عضب، ردالفساد، اور ان گنت خفیہ آپریشنز میں ہمارے جوانوں کا لہو بہا ہے۔

ہمارے بچوں نے یتیمی کا درد سہا ہے، ماں نے سروں پر دوپٹے باندھ کر اپنے بیٹوں کو کفن پہنایا ہے۔ ہم نے کبھی دہشت گردی کو جنم نہیں دیا لیکن جب دہشت آئی ہم نے اس کے خلاف سیسہ پلائی دیوار بننے کا فیصلہ کیا۔ پاکستان کی لغت میں سرینڈر کا لفظ ہی نہیں، ہم لڑے، مرے مگر جھکے نہیں۔ اب وقت آ چکا ہے کہ دنیا خاموشی کے بت کو توڑے اور افغان حکومت سے کھل کر پوچھے کہ وہ دوحہ معاہدے کے کس حصے پر قائم ہے؟ کیا بین الاقوامی برادری کے سامنے کیا گیا وعدہ کہ افغان سرزمین کسی دوسرے ملک کے خلاف استعمال نہیں ہوگی صرف ایک وقتی چال تھی؟ یا اب وہ اس وعدے کی لاش کو دفنا چکے ہیں؟ پاکستان بار بار امن کی بات کرتا ہے۔ ہم نے بھارت سے بھی کہا کہ آئیے کشمیر، پانی اور دہشت گردی جیسے مسائل پر کھل کر بات کریں لیکن برابری کی سطح پر۔ ہم دہشت گردی کے خاتمے کے لیے بھارت کے ساتھ مل کر کام کرنے کو بھی تیار ہیں بشرطیکہ وہ اپنے عزائم ترک کرے ''را'' کی سرگرمیوں کو بند کرے اور دہشت گرد گروہوں کی سرپرستی سے باز رہے۔ یہ وقت ہے افغان قیادت کے امتحان کا۔ یا تو وہ دنیا کے سامنے اپنے وعدے پورے کرے یا یہ تسلیم کرے کہ اس کی سرزمین اب بھی عالمی دہشتگردی کی آماجگاہ بنی ہوئی ہے۔ اگر افغان طالبان واقعی اسلامی حکومت کے دعوے دار ہیں تو وہ خوارج کے خلاف تلوار اٹھائیں اور ان عناصر کو بے نقاب کریں جنہوں نے افغانستان کی زمین کو بھارت کے اڈے میں تبدیل کر رکھا ہے۔ دنیا سے ہمارا مطالبہ واضح ہے کہ پاکستانی پاسپورٹ، قربانیوں اور عزم کا احترام کیا جائے۔ ہم کوئی کرائے کی فوج نہیں ہم اس خطے کے اصلی محافظ ہیں۔ اور اگر دشمن نے ہمیں کمزور سمجھا ہے تو وہ پاکستان کے ماضی سے واقف نہیں۔ کیا دنیا نے آپریشن بنیان المرصوص میں پاکستان کے وار نہیں دیکھے؟

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## ''آئرن لیڈی، سب دی ماں''

خالد اکرام

مریم نواز شریف کا وزارت اعلیٰ پنجاب تک کا سفر نہ صرف تاریخی اہمیت کا حامل ہے بلکہ یہ شریف خاندان کی سیاسی تاریخ میں بھی ایک منفرد مقام رکھتا ہے۔ اگر ہم شریف خاندان کی پنجاب میں سیاسی قیادت کا جائزہ لیں تو میاں محمد نواز شریف، میاں محمد شہباز شریف اور میاں حمزہ شہباز شریف جیسے رہنما وزارت اعلیٰ کے منصب پر فائز رہ چکے ہیں۔ تاہم، مریم نواز نے بطور خاتون وزیر اعلیٰ پنجاب، جس بصیرت، عوامی رابطے اور فعال طرز حکمرانی کا مظاہرہ کیا ہے، وہ انہیں اپنے پیش روؤں میں نمایاں اور ممتاز بناتا ہے۔ مریم نواز کی ایک سیاسی گھرانے میں پرورش ہوئی انہوں نے اپنے والد کے ساتھ نہ صرف عملی سیاست کا تجربہ حاصل کیا بلکہ پارٹی معاملات میں متحرک کردار بھی ادا کیا بطور وزیر اعلیٰ پنجاب انہوں نے اپنے والد اور چچا کی پالیسیوں سے سیکھا اور مریم نواز نے تجربات کی بنیاد پر ایک جدید عوام دوست اور اصلاحاتی ایجنڈا اپنایا۔

مریم نواز شریف پاکستان کی پہلی خاتون وزیر اعلیٰ بنیں، اور وہ بھی ایسے وقت میں جب پنجاب جیسے بڑے، گنجان آباد اور پیچیدہ مسائل سے بھرپور صوبے کی قیادت کو ایک بڑا چیلنج سمجھا جا رہا تھا۔ ان کا وزیر اعلیٰ بننا نہ صرف ایک سیاسی کامیابی ہے بلکہ ایک علامتی اور علاقائی پیش رفت بھی ہے، جو خواتین کی سیاسی شمولیت اور قیادت کے لیے نئی راہیں ہموار کر رہا ہے۔ مریم نواز شریف کے چند نمایاں کارناموں میں تعلیمی شعبے کی بہتری کو خصوصی حیثیت حاصل ہے۔ انہوں نے اسکولوں کی اپ گریڈیشن، تعلیمی اداروں میں ٹیکنالوجی کے نفاذ اور طلبہ کو جدید سہولتوں کی فراہمی کو یقینی بنایا۔ برسوں سے نظر انداز کیے گئے اسکولوں کو فعال کیا گیا، جبکہ فیکٹری مزدوروں کے بچوں کی تعلیمی ضروریات کا خیال رکھتے ہوئے انہیں وظائف (سکالرشپس) سے نوازا گیا۔ پرائمری اسکولوں میں ہر بچے کو دودھ فراہم کیا جا رہا ہے تاکہ ان کی صحت بہتر ہو سکے، جبکہ سرکاری اسکولوں میں سمارٹ کلاس روم کا آغاز ہو چکا ہے، جس کے ذریعے جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے تعلیم دی جا رہی ہے۔ مریم نواز نے براہ راست اسکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں کے دورے کیے، جہاں طلبہ سے ملاقاتیں کیں اور مستحق طالبعلموں میں بڑی تعداد میں لیپ ٹاپ تقسیم کیے ٹیبلٹس اور انٹرنیٹ، ڈیٹا پیکیجز کی فراہمی کی تاکہ ڈیجیٹل تعلیم کو فروغ دیا جا سکے، تکنیکی اور پیشہ ورانہ تعلیم کے مراکز (ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل ایجوکیشن سینٹرز) قائم کیے گئے ہیں، جہاں ہنرمند نوجوان تیار کیے جا رہے ہیں تاکہ وہ باعزت روزگار کما سکیں۔ اساتذہ کی تربیت اور نئی بھرتیوں کے عمل کو شفاف اور میرٹ پر مبنی بنایا۔ صحت کے شعبے میں بھی اُن کی خدمات قابلِ قدر ہیں — سرکاری اسپتالوں میں جدید مشینری اور معیاری ادویات کی فراہمی کو ترجیح دی گئی۔ خاص طور پر خواتین اور بچوں کی صحت کے لیے موبائل ہیلتھ یونٹس متعارف کرائے گئے، جو دیہی و شہری علاقوں میں گھر گھر بنیادی طبی سہولیات پہنچا رہے ہیں۔ — مریم ہیلتھ کارڈ کا آغاز کیا گیا ہے، جس کے ذریعے متوسط اور غریب افراد اپنا علاج مفت کروا سکتے ہیں۔ ضلع اور تحصیل کی سطح پر ماں بچہ مراکز قائم کیے گئے ہیں تاکہ زچگی اور نومولود بچوں کی اموات کی شرح کو کم کیا جا سکے۔ ایمبولینس سروس اور ٹیلی میڈیسن پروگرام کو بھی مزید وسعت دی گئی ہے۔ لاہور میں ایک جدید ترین نواز شریف کینسر اسپتال کی تعمیر اپنے آخری مراحل میں ہے۔ یہ پاکستان کا پہلا جدید ترین کینسر اسپتال ہوگا، جو عوام کے لیے موجودہ حکومت کا ایک شاندار تحفہ ثابت ہوگا۔ انشاء اللہ یہاں میں مریم نواز صاحبہ، چیف منسٹر پنجاب سے مودبانہ گزارش کروں گا کہ ہمارا گاؤں احمد آباد (پرانا نام چوہڑ چک)، ڈسکہ سمبڑیال روڈ پر گندیالہ گاؤں سٹاپ کے مغرب میں واقع ہے۔ تقریباً 10 سال پہلے تنویر بیگ، سابق ڈائریکٹر فنانس ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کی خصوصی کاوش سے ایک سب ہیلتھ یونٹ ڈسپنسری کا قیام عمل میں آیا تھا۔ اس ڈسپنسری سے نہ صرف ہمارے گاؤں کے سینکڑوں مریض روزانہ علاج معالجے کی سہولت حاصل کرتے تھے، بلکہ آس پاس کے دیہات کے لوگ بھی یہاں سے مفت ادویات حاصل کرتے تھے۔ بدقسمتی سے گزشتہ کچھ عرصہ سے اس ڈسپنسری میں کوئی ڈاکٹر یا ڈسپنسر نہیں آ رہا ہے جس کی وجہ سے مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے اور وہ دور دراز شہروں کا رخ کرنے پر مجبور ہیں۔ اس کالم کی وساطت سے میری حکومت پنجاب سے درخواست ہے کہ ڈسپنسر اور دیگر طبی عملہ فوراً تعینات کیا جائے اور احمد آباد اور ملحقہ دیہات کو طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔ مریم ویمن ایمپاورمنٹ پروگرام کے تحت خواتین کو تعلیم، کاروبار اور روزگار کے مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں۔ سرکاری ملازمتوں میں خواتین کا کوٹہ بڑھا دیا گیا ہے۔ مہنگائی پر قابو پانے کے لیے رمضان بازار قائم کیے گئے ہیں، اور قیمتوں پر کنٹرول کے لیے پرائس کنٹرول کمیٹیاں فعال کی گئی ہیں۔ مریم نواز نوجوان قرض اسکیم کے تحت نوجوانوں کو بلا سود قرضے دیے جا رہے ہیں، تاکہ وہ اپنے کاروبار شروع کر سکیں اور خود کفیل بن سکیں۔ سڑکوں کی تعمیر و مرمت، فلائی اوورز اور انڈر پاسز کے منصوبوں کو تیزی سے مکمل کیا جا رہا ہے۔ ناجائز تجاوزات کا خاتمہ کر کے بازاروں اور گلیوں کو کشادہ بنایا جا رہا ہے۔ پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی لانچ کر دی گئی ہے اب کوئی ظالم کسی مظلوم پر ظلم نہیں کر سکے گا اپنی چھت اپنا گھر پروگرام منصوبے کے تحت پچاس ہزار سے زائد گھر تعمیر کر کے عوام کو دے دیئے گئے ہیں اینٹی نارکوٹکس فورس کو فعال کیا گیا ہے تاکہ نشہ جیسی لعنت سے قوم کو چھٹکارا مل سکے۔ وزیر اعلیٰ شدید بارش کے باوجود متاثر علاقوں کا دورہ کر رہی ہیں اور موقع پر احکامات جاری کر رہی ہیں سیوریج سسٹم کی مؤثر صفائی مہم پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے، اور اس کی بہتری عوام کو واضح طور پر نظر بھی آ رہی ہے۔ کھیلوں کے فروغ کے لیے نئے اسپورٹس کمپلیکس تعمیر کیے جا رہے ہیں، اور ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کا آغاز بھی کیا گیا ہے۔ سکول، کالجز اور یونیورسٹیز میں باقاعدہ ٹورنامنٹ کروائے جا رہے ہیں جہاں طلباء کے ساتھ ساتھ طالبات بھی تمام سپورٹس میں حصہ لے رہی ہیں اور انعامات حاصل کر رہی ہیں الحمدللہ مجھے یہ بتاتے ہوئے خوشی محسوس ہو رہی ہے اس سال جناح اسلامیہ کالج ٹاؤن شپ کی ٹیم بھی کرکٹ اور فٹبال میں نمایاں کارکردگی کی بناء پر 2 عدد ٹرافیاں حاصل کرنے میں کامیاب رہی۔ مریم نواز نے گراس روٹ سطح پر عوامی نمائندوں کو متحرک اور مؤثر بنانے پر خصوصی توجہ دی ہے۔ ترقیاتی منصوبوں کو شفاف فنڈنگ اور تیز رفتاری کے ساتھ مکمل کروایا جا رہا ہے۔ انہوں نے جدید حکمرانی کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے سوشل میڈیا کو عوامی رائے اور پالیسیوں کے درمیان ایک مؤثر پل کے طور پر استعمال کیا۔ مریم نواز شریف کے خاندان کی سیاسی جدوجہد اور خدمات کا سرسری جائزہ لیا جائے تو یہ سفر کئی دہائیوں پر محیط ہے۔ اس کا آغاز 1985 سے ہوا جب میاں محمد نواز شریف نے وزیر اعلیٰ پنجاب کے طور پر صنعتی دور کی بنیاد رکھی۔ بعد ازاں بطور وزیر اعظم، انہوں نے ملک میں انفراسٹرکچر، موٹروے، اور توانائی کے منصوبوں پر بھرپور توجہ دی۔ 2008 سے 2018 کے درمیانی عرصے میں میاں شہباز شریف نے بطور وزیر اعلیٰ پنجاب صحت، تعلیم اور میٹرو بس جیسے عوامی فلاحی منصوبوں سے صوبے کو ایک نئی سمت دی۔ سیاسی عدم استحکام کے دوران میاں حمزہ شہباز کو چند ماہ کے لیے وزارت اعلیٰ کا قلمدان سونپا گیا، مگر وہ عرصہ محدود رہا۔

## قدرتی شاہکار، نیاگرا فالز

محسن گواریہ

پاکستان سے کوئی دوست، رشتہ دار ٹورنٹو کینیڈا آئے تو اسکی سب سے پہلی خواہش نیاگرا فالز دیکھنا ہوتی ہے، وہ ٹورنٹو کا سی این ٹاور، ڈاؤن ٹاؤن بھی دیکھنا چاہتا ہے، میں ان دنوں کینیڈا میں ہوں، دوستوں کی میزبانی اور انہیں یہاں گھمانا پھرانا میرا فرض اولین ہے، میں خود کتنی دفعہ یہ سارے شاہکار دیکھ چکا ہوں، اب یاد بھی نہیں۔ لاہور سے میرے دوست عامر بٹ اور انکی اہلیہ، ہماری بھابی صاحبہ چند روز پہلے یہاں آئے تو سائٹ سین کی مشق ایک دفعہ پھر سے ہو گئی، بکین اکاؤنٹینسی کینیڈا کے مالک و مختار پیارے بھائی عامر قریشی نے ان کے اس وزٹ کے لئے مکمل تیاریاں بلکہ فیلڈنگ لگا رکھی تھی، کہاں لنچ، کہاں ڈنر اور کس کس مقام کی سیر، یعنی وہی اس ٹور کے ہوسٹ تھے آپ مجھے کو ہوسٹ کر سکتے ہیں۔ عامر بٹ اور بھابی نے ٹور کے آخر میں نیاگرا فالز اور پھر نیاگرا فالز کے ہمسایہ میں واقع امریکہ کے بفلو ایئر پورٹ سے میامی اور پھر نیویارک جانا تھا، کو ہوسٹ کے ہاتھ میں ٹور کی نکیل ہی آئی، ہوم میں مہمانوں کے ہمراہ نیاگرا فالز آ گیا، اس کا قدرتی حسن آپ کو سب کچھ بھلا دیتا ہے اور آپ تھوڑی دیر کے لئے خوابوں اور خیالوں کی وادی میں اتر جاتے ہیں، اپنے دکھ اور تکلیفیں بھول کر اس کے سکون میں کھو جاتے ہیں، اٹھلاتے پھرتے ہیں، میں اڑی اڑی جاواں ہوا دے نال،، فالز کے نتیجے میں پانی سے اٹھنے والی ہلکی ہلکی پھوار میں پتہ ہی نہیں چل رہا تھا کہ اس وقت یہاں کا درجہ حرارت تمیں ہے، یہ درجہ حرارت یہاں کے لحاظ سے بہت زیادہ ہے، مگر مست کی وجہ سے ایک رومان پرور ماحول بنا ہوا ہے، دنیا کے ہر کونے سے تعلق رکھنے والے ہزاروں سیاح اس ماحول کو انجوائے کر رہے ہیں، ویسے تو اسے دنیا کا آٹھواں عجوبہ کہا جاتا ہے مگر اپنے رومان پرور ماحول کی وجہ سے اسے عالمی ہنی مون کیپٹل کا نام بھی دیا گیا ہے۔ جیسے لاہور کے بغیر پاکستان دیکھنے بارے کہا جاتا ہے، جنہیں لہور نہیں تکیا جمیا نہیں،، اسی طرح نیاگرا فالز نہ دیکھیں تو کہا جاتا ہے اس نے کینیڈا نہیں دیکھا، یہ عجوبہ چونکہ گریٹر ٹورنٹو کے قریب ہے، جہاں ہم رہتے ہیں، اس لئے گاہے گاہے قدرت کے اس حسین مقام کو نہ دیکھنا ناشکری کے زمرے میں آتا ہے، سو ایک دفعہ پھر، ہم ہیں، نیاگرا فالز ہیں اور پارٹی ہو رہی ہے۔ نیاگرا فالز کے بالکل ساتھ دو تین بڑے اچھے ریسٹورنٹس بنے ہوئے ہیں جہاں بیٹھ کر کافی کے سپ لیتے ہوئے بھی آپ نیاگرا فالز سے نظر نہیں ہٹا سکتے، عامر بٹ کا یہاں بیٹھ کر تبصرہ تھا کہ یہ مقام ایک دو دن رہنے کے لئے ناکافی ہے، آئندہ کینیڈا ٹور صرف اور صرف نیاگرا فالز کے نام ہوگا، ایئر پورٹ سے سیدھا یہاں اور کم از کم ایک ہفتہ قیام کے بعد ہی کچھ اور کیا جائے گا، اسکی بات بالکل درست ہے، ان دنوں یہاں سیاحوں کا بہت زیادہ رش ہوتا ہے اور لگتا ہے کہ تمام دنیا یہاں ہی سمٹ آئی ہے، یہاں رات دس بجے فالز کے اوپر فائر ورک یعنی آتش بازی دیکھنے سے تعلق رکھتی ہے۔ کینیڈا قدرتی وسائل کے حوالے سے ایک خود کفیل ملک ہے، میٹھے اور شفاف پانی کے سب سے زیادہ ذخائر اس کے طول و عرض میں پھیلے ہوئے ہیں، ایک رپورٹ کے مطابق اس جنت ارضی کے طول و عرض میں چھ ہزار سے زائد چھوٹی بڑی میٹھے پانی کی ایسی جھیلیں ہیں جو تین کلومیٹر سے بڑی ہیں، نیاگرا آبشار جنت نظیر کینیڈا کی پہچان بھی ہے، اسے دنیا کی سب سے بڑی آبشار ہونے کا اعزاز بھی حاصل ہے، قدرتی طور پر یہ آبشار کینیڈا سے امریکہ تک پھیلی ہوئی ہے، امریکہ میں اسے نیاگرا فالس جبکہ کینیڈا میں نیاگرا فالز کہا جاتا ہے، یہ آبشار دریائے نیاگرا پر ایک گرجدار آواز کے ساتھ پہاڑ گرنے سے وجود میں آئی تھی، آبشار کا بڑا حصہ کینیڈا میں واقع ہے۔ براعظم شمالی امریکا میں کینیڈا اور ریاستہائے متحدہ امریکا کی سرحد پر واقع دنیا کی مشہور ترین آبشار، جسے حسن فطرت کا عظیم شاہکار اور دنیا کے قدرتی عجائبات میں سے ایک سمجھا جاتا ہے اور یہ دنیا میں سیاحوں کے پسندیدہ ترین مقامات میں بھی شامل ہے۔ شوکت عمر گاڑی چلانے اور راستوں کا ماسٹر بلکہ ڈرائیونگ ماسٹر ہے، وہ پچھلے بیس پچیس سال کے عرصہ سے یہاں سیٹل ہے، اس نے ہمیں نیاگرا فالز کے گرد و نواح کے خوبصورت پارکس اور علاقے دکھائے، جنگلی خوبصورتی دیکھ کر انسان دنگ رہ جاتا ہے۔ نیاگرا آبشار کینیڈا کے صوبہ اونٹاریو اور امریکہ کی ریاست نیویارک کے درمیان واقع ہے، اسے پہلی بار 1678ء میں فادر لوئس ہنپن نے دریافت کیا، 1759ء میں سیور ڈی لاسالی نے یہاں ایک قلعہ فورٹ کا ڈونٹی قائم کیا جس کا نام بعد ازاں فورٹ نیاگرا ہو گیا، انگریزوں نے سر ولیم جانسن کی زیر قیادت جنگ میں یہ قلعہ فرانسیسیوں سے چھینا تھا۔ 1819ء میں دریائے نیاگرا کو امریکا اور کینیڈا کے درمیان سرحد تسلیم کیا گیا اور 1848ء میں نیاگرا کو قصبے کا درجہ دیدیا گیا، یہی قصبہ 1892ء میں شہر کا روپ اختیار کر گیا۔ امریکا اور کینیڈا سے بذریعہ ہوائی جہاز، سڑک یا ریل گاڑی نیاگرا پہنچا جا سکتا ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان بذریعہ نیاگرا ریل اور سڑک رابطہ کیلئے دریائے نیاگرا پر دو پل واقع ہیں جن میں سے رین بو برج بہت مقبول ہے جو 1941ء میں تعمیر ہوا اور اس کا تعمیراتی حسن آج بھی برقرار ہے، قوسی شکل میں تعمیر کردہ یہ پل امریکا اور کینیڈا کے درمیان مصروف ترین گزرگاہ ہے، دوسرے برج کا نام پیس برج ہے۔ نیاگرا آبشار کا زیادہ تر حسین حصہ کینیڈا کی جانب ہے جس کے لیے امریکہ سے قوس قزح پل سے بذریعہ گاڑی یا پیدل کینیڈا میں داخل ہوا جا سکتا ہے، اسی راستے امریکا اور کینیڈا کے درمیان روزانہ سینکڑوں ٹرک رسل و رسائل کا ذریعہ بھی ہیں، دونوں ملکوں کے شہریوں کو سرحد عبور کرنے کے لیے ویزے کی ضرورت نہیں ہوتی جبکہ دیگر اکثر ممالک کے باشندوں کے لیے ویزا لازمی ہے۔ دریائے نیاگرا براعظم شمالی امریکا کی عظیم جھیلوں میں سے دو جھیلوں ایری اور اونٹاریو کو ملاتا ہے۔ اس دریا میں واقع جزیرہ گوٹ دریائے نیاگرا کو دو حصوں میں تقسیم کرتا ہے جس سے نیاگرا کی عظیم آبشاریں جنم لیتی ہیں۔ دراصل نیاگرا آبشار کے تین بڑے حصے ہیں جن میں سب سے بڑا اور متاثر کن کینیڈین حصے کی جانب ہے، ان تینوں آبشاروں سے فی سیکنڈ تقریباً سات لاکھ گیلن پانی 180 فٹ کی بلندی سے نیچے آتا ہے۔ اور اس عظیم نظارے کو دیکھنے کے لیے ہی دنیا بھر سے اندازاً 40 لاکھ سیاح ہر سال نیاگرا کا رخ کرتے ہیں، بذریعہ کشتی سیاح نیاگرا آبشار کا بہت قریب سے نظارہ بھی کر سکتے ہیں، جبکہ آبشار کے پانی سے بننے والی حسین قوس قزح کا فضائی نظارہ کروانے کے لیے ہیلی کاپٹروں کی پروازیں بھی ہوتی ہیں، نیاگرا آبشار کے بالکل نیچے نظارے کے لئے فیری چلائی جاتی ہے۔ ٹور کے اختتام پر میں اور شوکت عمر مہمانوں کو چھوڑنے کے لئے پیس برج کے ذریعے امریکہ میں واقع بفلو ایئر پورٹ پہنچے۔


پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: ڈاکٹر خرم شہزاد، سب ایڈیٹر: نجم بلوچ فون 081-2470990 فیکس۔ 081-2470991 بیورو چیف گوادر عبدالغفور بلوچ، پتہ ملت نیوز ایجنسی گوادر۔ موبائل نمبر۔ 0332-236423۔ میاں جزاک اللہ ریزیڈنٹ ایڈیٹر اسلام آباد۔ آفس 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل الحق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد۔ موبائل نمبر۔ 0300-9847010 فون نمبر۔ 051-8311430 فیکس نمبر۔ 051-8311450۔ ای میل isb33@yahoo.com

### شمال بقیہ 1

کے لیے 3 نومبر 2026 سے ملک گیر احتجاجی تحریک شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ تحریک کے پہلے مرحلے میں ملک بھر میں احتجاجی مظاہرے اور ریلیاں نکالی جائیں گی، جبکہ بعد ازاں مختلف شہروں میں 24 گھنٹے کے احتجاجی کیمپ لگائے جائیں گے اور آخری مرحلے میں اسلام آباد میں مرکزی احتجاجی دھرنا دیا جائے گا۔ پی ایف یو جے کے سیکریٹری جنرل ارشد انصاری اور فیڈرل ایگزیکٹو کونسل کے اراکین کی مشاورت کے بعد جاری اعلامیے کے مطابق ملک گیر احتجاجی تحریک کا فیصلہ بی ڈی ایم، فیڈرل ایگزیکٹو کونسل اور نیشنل جرنلسٹس کنونشن کے فیصلوں کی روشنی میں کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں کراچی میں ایک اہم غیر رسمی مشاورتی اجلاس بھی منعقد ہوا، جس میں پی ایف یو جے کے سابق صدر سردار ذوالفقار، سابق سینئر نائب صدر سلیم شاہد، نائب صدر ناصر حسین، مظہر عباس، خورشید عباسی، امتیاز فاران، جاوید چوہدری اور دیگر سینئر صحافی رہنماؤں نے شرکت کرتے ہوئے تحریک کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا۔ اعلامیے کے مطابق احتجاجی تحریک کا آغاز 3 نومبر کو ملک بھر میں مظاہروں اور ریلیوں سے ہوگا، جبکہ 7 نومبر شام 4 بجے سے 8 نومبر شام 4 بجے تک کراچی پریس کلب کے باہر کراچی یونین آف جرنلسٹس اور ایپنک کے زیر اہتمام 24 گھنٹے کا احتجاجی کیمپ لگایا جائے گا۔ اس کے بعد سندھ، بلوچستان، خیبر پختونخوا اور پنجاب کے مختلف شہروں میں مرحلہ وار احتجاجی کیمپ منعقد کیے جائیں گے، جبکہ تحریک کے آخری مرحلے میں اسلام آباد میں ملک گیر مرکزی احتجاجی دھرنا دیا جائے گا۔ پی ایف یو جے کے مطابق تحریک کے بنیادی مطالبات میں آزادی؟ صحافت کا تحفظ، پیکا ایکٹ کی متنازعہ شقوں سمیت صحافت مخالف قوانین کا خاتمہ، صحافیوں کے خلاف درج مقدمات، نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) کی جانب سے نوٹسز کے اجرا اور گرفتاریوں کا سلسلہ روکنا، صحافیوں اور میڈیا ورکرز کی جبری برطرفیوں کی روک تھام، واجب الادا تنخواہوں کی فوری ادائیگی، ویج بورڈ ایوارڈ پر عمل درآمد، کم از کم اجرت کی ادائیگی اور لیبر قوانین پر عمل درآمد شامل ہیں۔ اعلامیے میں پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کے مالکان سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ وہ اپنے اداروں میں کام کرنے والے صحافیوں اور میڈیا ورکرز کو ادارے کے اخراجات پر مصنوعی ذہانت (اے آئی) اور ڈیجیٹل میڈیا کے بین الاقوامی معیار کے مطابق عملی تربیت فراہم کریں اور ہر کارکن کو ایک لیپ ٹاپ مہیا کریں، تاکہ وہ جدید ٹیکنالوجی میں مہارت حاصل کر کے ڈیجیٹل میڈیا کے شعبے میں مؤثر کردار ادا کرنے کے ساتھ فری لانسنگ کے ذریعے اضافی آمدن بھی حاصل کر سکیں۔ پی ایف یو جے نے تمام ملحقہ یونینز کے صدور اور جنرل سیکریٹریز سے اپیل کی ہے کہ وہ دو روز کے اندر سیکریٹری جنرل ارشد انصاری کو اپنے اپنے شہروں میں 24 گھنٹے کے احتجاجی کیمپ کے لیے مجوزہ تاریخ اور مقام سے آگاہ کریں، تاکہ ملک گیر احتجاجی سرگرمیوں کا مربوط شیڈول جاری کیا جا سکے۔ اعلامیے میں فیڈرل ایگزیکٹو کونسل کے اراکین اور ملحقہ یونینز پر زور دیا گیا ہے کہ وہ 3 نومبر سے شروع ہونے والی احتجاجی تحریک کی بھرپور تیاری کریں اور صحافیوں و میڈیا ورکرز کی زیادہ سے زیادہ شرکت یقینی بنائیں۔ پی ایف یو جے کے مطابق یہ تحریک آزادی؟ صحافت، روزگار کے تحفظ اور صحافیوں و میڈیا ورکرز کے حقوق کے لیے مشترکہ جدوجہد ہے، جس کی کامیابی کے لیے تمام صحافتی تنظیموں اور کارکنوں کا متحد ہونا ضروری ہے۔

### شمال بقیہ 2

وزیراعظم شہباز شریف نے گوتھے اے آئی کی جانب سے پاکستان کو ابتدائی طور پر 4 ہزار تعلیمی سمسٹر چیٹرز فراہم کرنے کے اعلان کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان میں سے ایک ہزار سمسٹر چیٹرز دانش سکول کری، اسلام آباد کے اساتذہ کے لیے مختص کی جائیں گی۔ وزیراعظم نے گوتھے اے آئی کی ٹیم کا شکریہ ادا کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ یہ تعاون ترقی، خوشحالی اور باہمی تعلقات کے فروغ کی جانب ایک مثبت پیش رفت ثابت ہوگا اور مستقبل میں جدید تحقیق اور ٹیکنالوجیز سے استفادے کے مزید مواقع پیدا ہوں گے۔ انہوں نے دانش سکول کری کے اساتذہ سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ سکول کے دورے کے دوران ان کی بعض اساتذہ سے ملاقات ہوئی تھی تاہم وہ تمام اساتذہ سے ملاقات کرنا چاہتے ہیں۔ وزیراعظم نے سکول کے پرنسپل کی تعیناتی کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ انہیں پرنسپل اس لیے منتخب کیا گیا کہ وہ ایک قابل اور شاندار شخصیت ہیں اور دانش سکول کری میں تعلیمی انقلاب لانے کی مکمل صلاحیت رکھتے ہیں اور انہیں پورا یقین ہے کہ دانش سکول کے طلبہ اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ دانش سکول کری میں طلبہ کو نہ صرف تمام ضروری سہولیات فراہم کی گئی ہیں بلکہ یہ سہولیات اس تعلیمی ڈھانچے سے بھی بہتر ہیں جو انہوں نے پنجاب میں قائم کیا تھا۔ طلبہ سے مخاطب ہوتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں ایک شاندار تعلیمی ادارے میں تعلیم حاصل کرنے کا موقع فراہم کیا ہے اور اس میں ان کے والدین کی دعاؤں کا بھی اہم کردار ہے۔ سکول میں خوراک، رہائش، بورڈنگ اور لاجنگ، مفت یونیفارم، ای لائبریریوں اور دیگر لیبارٹریوں سمیت تمام ضروری سہولیات موجود ہیں۔ انہوں نے طلبہ کو یقین دلایا کہ ان کی تعلیم اور انہیں بااختیار بنانے کے لیے وسائل کی کوئی کمی نہیں ہونے دی جائے گی اور حکومت ان کے مستقبل کو بہتر بنانے کے لیے تمام ضروری وسائل فراہم کرے گی۔ تقریب میں وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ، وفاقی وزیر آئی ٹی شزا فاطمہ خواجہ، چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خاں، وزیر مملکت وجیہہ قمر، سی ای او گوتھے اے آئی اور پرنسپل دانش سکول کری اسلام آباد سمیت طلبہ اور اساتذہ نے شرکت کی۔

### شمال بقیہ 3

پر آپریشن کیا گیا جس میں 4 دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق کارروائی کے دوران اسلحے اور گولہ بارود کی بڑی تعداد بھی برآمد کی گئی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ نے بتایا ہے کہ سیکیورٹی فورسز نے گوادر کے علاقے شادی کور میں کلیئرنس آپریشن کا سلسلہ شروع کیا جس کے دوران سیکیورٹی فورسز کے دستے کو آئی ای ڈی سے نشانہ بنایا گیا۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق ضلع گوادر کی تحصیل پسنی کے علاقے شادی کور میں دہشت گردوں کے خاتمے اور علاقے کو محفوظ بنانے کے لئے کلیئرنس آپریشن جاری تھا کہ اس دوران سیکیورٹی فورسز کے دستے کو دیسی ساختہ دھماکہ خیز مواد (آئی ای ڈی) سے نشانہ بنایا گیا۔ دھماکے کے نتیجے میں دستے کی قیادت کرنے والے میجر وجاہت وحید شہید ہوگئے، 34 سالہ میجر وجاہت وحید کا تعلق لاہور سے تھا، انہوں نے فرض کی ادائیگی کے دوران مادر وطن کے دفاع میں جان قربان کر دی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق علاقے میں موجود دیگر دہشت گردوں کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشنز جاری رہیں گے، سیکیورٹی فورسز نے جنگ آباد میں دہشت گردوں کے ٹھکانے کو مؤثر انداز میں نشانہ بنایا۔ سیکیورٹی فورسز نے عزم استحکام کے تحت دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ملک سے بیرونی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پرعزم ہیں۔ انٹیلی جنس اداروں نے ضلع قلات کے علاقے جنگ آباد اور ضلع گوادر کی تحصیل پسنی کے علاقے شادی کور میں بھارتی سرپرستی میں کام کرنے والے فتنہ الہندوستان کے متعدد ٹھکانوں کی موجودگی کی اطلاع دی تھی جو مقامی آبادی کے لیے خطرہ تھے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 18 اکتوبر 2026 کو سیکیورٹی فورسز نے قلات کے علاقے جنگ آباد میں انٹیلی جنس کی بنیاد پر آپریشن کیا، کارروائی کے دوران دہشت گردوں کے ٹھکانے کو مؤثر انداز میں نشانہ بنایا گیا اور شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد 4 دہشت گرد ہلاک کر دیے گئے، علاقے سے اسلحے اور گولہ بارود کا بڑا ذخیرہ بھی برآمد ہوا۔

### شمال بقیہ 4

کا کہنا تھا کہ ہمیں اکثر ملاقاتوں کا علم ہی نہیں تھا۔ بہت سی باتیں ہم سے چھپائی گئیں۔ مذاکرات کی ناکامی کی وجہ کون بنا اس کے لیے کمیٹی بنائیں۔ راکین کا کہنا تھا کہ لانگ مارچ کی تاریخ سے لے کر جب تک ایمرجنسی لگی، تب تک کی فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی بنائی جائے۔ کمیٹی فیصلہ کرے گی کہ کس کی غلطی ہے۔ ذرائع کے مطابق چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کمیٹی بنانے سے انکار کردیا۔

### شمال بقیہ 5

سیاسی اور عسکری قیادت میں شدید غم و غصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ مشترکہ دفاعی معاہدہ بہت کم وقت میں آگے بڑھا ہے، یہ معاہدہ 3 ممالک کی سوچ کا مجموعہ ہے، تنازعات کے اثار چہ حاسی بھی سطح پر بڑھانے سے کسی ملک کو کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا ہے کہ مشرق وسطی کے فوجی تنازع کو مزید پھیلانا کسی کے مفاد میں نہیں، مذاکرات کے ذریعے کسی نتیجے پر پہنچنا ناگزیر ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ مذاکراتی حل میں ناکامی، فوجی تصادم پر مکہ الائنس کا اجتماعی ڈیفنس حرکت میں آجائے گا، مکہ الائنس کی قیادت اور لائحہ عمل واضح ہے کہ اس کا کوئی جارحانہ ارادہ نہیں، یہ اتحاد کسی خاص ملک کے خلاف نہیں، اتحاد کا مقصد خطے میں امن، استحکام اور سلامتی کو فروغ دینا ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے یہ بھی کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ خطے میں امن، استحکام، خوش حالی پر یقین رکھتے ہیں، مسلمانوں کو آپس میں لڑنے کے بجائے متحد ہونے کی ضرورت ہے۔

### شمال بقیہ 6

جہاں انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ دورے کے موقع پر ہسپتال کے ہیڈ آف کیمپس ڈاکٹر محمد حسین مگسی نے وفد کا استقبال کیا اور ہسپتال کی مجموعی کارکردگی، روزمرہ امور، انتظامی معاملات اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی خدمات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈاکٹر محمد حسین مگسی نے بتایا کہ انڈس ہسپتال اینڈ ہیلتھ نیٹ ورک کے زیر انتظام پبلک ویلفیئر ہسپتال سوئی میں علاقے کے عوام کو مفت اور معیاری طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے اقدامات جاری ہیں، جبکہ مریضوں کی بہتر دیکھ بھال اور صحت کی خدمات تک رسائی کو مؤثر بنانے پر بھی توجہ دی جا رہی ہے۔ اسپیشل سیکریٹری صحت شیک بلوچ اور دیگر حکام نے ہسپتال کے مختلف شعبوں کا مشاہدہ کیا اور مقامی آبادی کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے بارے میں آگاہی حاصل کی۔ دورے کا مقصد ہسپتال کی کارکردگی اور عوام کو دستیاب طبی خدمات کا جائزہ لینا تھا۔ پبلک ویلفیئر ہسپتال سوئی کی انتظامیہ کے مطابق حکومت بلوچستان کے تعاون سے عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی اور مریضوں کی دیکھ بھال کے معیار کو مزید بہتر بنانے کے لیے کوششیں جاری ہیں، تاکہ ڈیرہ بگٹی اور گردونواح کے عوام کو علاج معالجے کی معیاری سہولیات میسر آسکیں۔

### شمال بقیہ 7

نے کہا کہ کور کمیٹی اجلاس میں سلمان اکرم راجا نے سہیل آفریدی کو ناکامی کا ذمہ دار نہیں ٹھہرایا، سوشل میڈیا پر جو باتیں سامنے آتی ہیں اس میں کوئی حقیقت نہیں ہوتی، علی امین گنڈاپور بھی کور کمیٹی میٹنگ میں موجود تھے۔ اسد قیصر نے دعویٰ کیا کہ گورنر راج اور ایمرجنسی کا فیصلہ بہت پہلے ہو چکا تھا، مذاکرات صرف دکھاوے کے لیے کیے گئے۔

### شمال بقیہ 8

کہ فوج کی قربانیوں پر کوئی شک ہی نہیں، ہمارے فوجی بڑی دلیری کے ساتھ لڑ رہے ہیں، اللہ تعالیٰ شہدا کو اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مقام دے۔ انہوں نے کہا کہ جو بھی دہشتگردی کر رہے ہیں ان کو چھوڑنا نہیں چاہیے۔

### شمال بقیہ 9

عرفان دیناری اور عطا اللہ دیناری کے ناموں سے ہوئی ہے۔ وہ تاراسے کھاری کی طرف سفر کر رہے تھے کہ راستے میں ڈرابھی کے مقام پر گھات لگائے بیٹھے مسلح افراد نے انہیں روک کر زبردستی اغوا کر لیا اور اپنے ساتھ نامعلوم مقام پر لے گئے۔ واقعے کی اطلاع ملنے کے بعد لواحقین اور علاقہ مکینوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے، جبکہ پولیس اور متعلقہ انتظامیہ نے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے مغویوں کی بازیابی کے لیے چھاپہ مار کارروائیاں شروع کر دی ہیں۔

### شمال بقیہ 10

وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار تاجکستان کے دارالحکومت دوشنبے میں شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہان حکومت کونسل کے اجلاس میں پاکستانی وفد کی قیادت کریں گے۔ اسحاق ڈار تاجکستان کے وزیراعظم قاہر رسول زادہ کی دعوت پر اجلاس میں شرکت کریں گے۔ چین، روس، بیلاروس، قازقستان، کرغزستان، تاجکستان اور ازبکستان کے وزرائے اعظم، جبکہ ایران کے نائب صدر اور بھارت کے وزیر خارجہ بھی اجلاس میں شریک ہوں گے۔ تنظیم کے بجٹ اور دیگر اہم معاملات سے متعلق فیصلے بھی متوقع ہیں، جبکہ اجلاس کے اختتام پر مشترکہ اعلامیہ اور اہم بیانات جاری کیے جائیں گے۔ دورے کے دوران نائب وزیراعظم اسحاق ڈار تاجکستان کے صدر اور وزیراعظم سے ملاقاتیں کریں گے، وہ اجلاس کے موقع پر ایس سی او کے رکن ممالک کے ہم منصبوں سے دوطرفہ ملاقاتیں بھی کریں گے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان تنظیم کے پلیٹ فارم سے علاقائی تعاون، تجارت اور رابطہ کاری کے فروغ کے لیے اپنا کردار ادا کرے گا۔

### شمال بقیہ 11

سے مستعفی نہیں ہوں گے جو اس نے ہفتے کو رات گئے تک جاری رہنے والے اجلاس میں کیا تھا۔ ایک ٹی وی چینل کے مطابق انہوں نے گزشتہ شب دیر گئے یہاں اپنی تحریک بحالی آئین کے اجلاس کے بعد اپنے گروپ کے قریبی ساتھیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا، اگر اڈیالہ جیل میں موجود وہ شخص، جس نے مجھے قائد حزب اختلاف نامزد کیا تھا، مجھ سے عہدہ چھوڑنے کا مطالبہ کرے گا تو میں مستعفی ہو جاؤں گا۔ محمود اچکزئی جو کوئٹہ میں قائم اپنی جماعت پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے واحد رکن پارلیمنٹ ہیں ان کو رواں سال جنوری میں قومی اسمبلی کے اسپیکر نے قائد حزب اختلاف مقرر کیا تھا۔

### شمال بقیہ 12

وفاقی آئینی عدالت میں منعقد ہوئی۔ جسٹس عامر فاروق نے جسٹس حسن اظہر رضوی سے قائم مقام چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت کا حلف لیا۔ حلف برداری کی تقریب میں ججز، عدالتی افسران، اسٹاف اور لاء افسران نے شرکت کی۔ واضح رہے کہ وفاقی آئینی عدالت کے چیف جسٹس امین الدین خان 19 سے 22 اکتوبر تک آذربائیجان میں ترک دنیا کی آئینی عدالتوں اور آئینی دائرہ اختیار رکھنے والے اداروں کی کانفرنس میں شرکت کر رہے ہیں۔ چیف جسٹس امین الدین خان کی غیر موجودگی میں جسٹس حسن اظہر رضوی قائم مقام چیف جسٹس کے فرائض سرانجام دیں گے۔

### شمال بقیہ 13

میں دیکھا جاسکتا ہے کہ پولیس والے انہیں گرفتار کر کے جا رہے ہیں اس دوران نسیم شاہ نے ہلکی سی مزاحمت کی بھی کوشش کی جس پر پولیس اہلکاروں نے ان کے ساتھ زبردستی کی اور لے گئے جبکہ رینجرز اہلکار بھی موقع پر موجود تھے۔

### شمال بقیہ 14

درپیش مسائل اور دیگر امور کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نیا سکول کے خستہ حال کمروں کا معائنہ بھی کیا، ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے سکول میں قائم محکمہ تعلیم کے بک اسٹور کا بھی جائزہ لیا اور وہاں موجود سہولیات کا معائنہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے سکول کے خستہ حال کمروں کی مرمت، بک اسٹور کی توسیع اور طالبات کی تعلیمی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے نئے کمروں کی تعمیر کے لیے ٹھوس اقدامات اٹھانے کی یقین دہانی کرائی۔ ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے کہا کہ تعلیم کے شعبے میں بہتری لانا اور تعلیمی اداروں کو درپیش مسائل کا حل ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ طالبات کو بہتر تعلیمی ماحول اور ضروری سہولیات کی فراہمی کے لیے ضلعی انتظامیہ اور محکمہ تعلیم باہمی تعاون سے اقدامات کر رہے ہیں، تاکہ تعلیمی اداروں میں تدریسی عمل کو مزید مؤثر بنایا جا سکے۔

### شمال بقیہ 15

ایران، یمن، لبنان اور شام سمیت خلیجی ممالک شامل ہیں۔ امریکی حکام نے کہا ہے کہ ایران اور اس کے حامی گروپ امریکی شہریوں اور امریکی مفادات کو نشانہ بنا سکتے ہیں، خطے میں امریکی شہری پروازوں کی منسوخی اور فضائی بندش سے متعلق باخبر رہیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ امریکی شہری مشرق وسطی کے کشیدہ علاقوں کے سفر سے گریز کریں۔

### شمال بقیہ 16

جہاں انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ دورے کے موقع پر ہسپتال کے ہیڈ آف کیمپس ڈاکٹر محمد حسین مگسی نے وفد کا استقبال کیا اور ہسپتال کی مجموعی کارکردگی، روزمرہ امور، انتظامی معاملات اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی خدمات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈاکٹر محمد حسین مگسی نے بتایا کہ انڈس ہسپتال اینڈ ہیلتھ نیٹ ورک کے زیر انتظام پبلک ویلفیئر ہسپتال سوئی میں علاقے کے عوام کو مفت اور معیاری طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے اقدامات جاری ہیں، جبکہ مریضوں کی بہتر دیکھ بھال اور صحت کی خدمات تک رسائی کو مؤثر بنانے پر بھی توجہ دی جا رہی ہے۔ اسپیشل سیکریٹری صحت شیک بلوچ اور دیگر حکام نے ہسپتال کے مختلف شعبوں کا مشاہدہ کیا اور مقامی آبادی کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے بارے میں آگاہی حاصل کی۔ دورے کا مقصد ہسپتال کی کارکردگی اور عوام کو دستیاب طبی خدمات کا جائزہ لینا تھا۔ پبلک ویلفیئر ہسپتال سوئی کی انتظامیہ کے مطابق حکومت بلوچستان کے تعاون سے عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی اور مریضوں کی دیکھ بھال کے معیار کو مزید بہتر بنانے کے لیے کوششیں جاری ہیں، تاکہ ڈیرہ بگٹی اور گردونواح کے عوام کو علاج معالجے کی معیاری سہولیات میسر آسکیں۔

### شمال بقیہ 17

علاقے کے مختلف عوامی مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں سید بھورل شاہ، سید لیاقت شاہ، ڈاکٹر قدرت اللہ جمالی، حاجی عبدالحمید جمالی، ایکسئین کھیر تھر کینال غلام محمد بادینی اور عبداللطیف محمد شہی بھی شریک تھے۔ اس موقع پر تحصیل گنداخہ میں پانی کی قلت کے باعث زمینداروں اور کاشتکاروں کو درپیش مشکلات سمیت دیگر عوامی مسائل زیر بحث آئے۔ شرکاء نے علاقے میں پانی کی فراہمی بہتر بنانے اور عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے مؤثر اقدامات کی ضرورت پر زور دیا۔

### شمال بقیہ 18

واقعے کے محرکات اور مزید تفصیلات تاحال سامنے نہیں آسکی ہیں جبکہ پولیس واقعے کی تحقیقات کر رہی ہے۔

### شمال بقیہ 19

۔ تاجکستان کو افغانستان سے دراندازی، انتہاپسندی، منشیات اسمگلنگ اور دیگر غیر قانونی سرگرمیوں سے جڑے خطرات کا سامنا ہے۔ افغانستان سے دہشتگردی پھیلنے کے خدشات کے پیش نظر روس نے تاجکستان کی افغان سرحد کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔

### شمال بقیہ 20

اہلکاروں کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی گئی۔ اراکین اسمبلی نے شہداء کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ان کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔ اجلاس میں شہداء کی قربانیوں کو یاد کرتے ہوئے ملک وصوبے میں امن واستحکام کے لیے دعا بھی کی گئی۔

### شمال بقیہ 21

حال انتہائی کشیدہ ہوئی، تاہم پاکستان نے مشکل حالات میں بھی سفارتی رابطے منقطع نہیں ہونے دیے۔ قطر نے ہمیشہ مذاکرات کو ترجیح دی، پاکستان قطری سفارتی کوششوں کو سراہتا ہے۔ دوحہ میں گلوبل سیکیورٹی فورم سے خطاب کرتے ہوئے محسن نقوی نے کہا کہ ایران امریکا کشیدگی کم کرنے میں فیلڈ مارشل عاصم منیر کے کردار کو اہم قرار دے دیا انہوں نے کہا ہے کہ ایران اور امریکا کے درمیان کشیدگی کم کرنے اور مذاکرات کی راہ ہموار کرنے کے لیے پاکستان نے ہر ممکن سفارتی کوشش کی، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے عالمی رہنماؤں سے روابط اور سفارتی رابطوں کے ذریعے مذاکرات کے دروازے کھولنے میں اہم کردار ادا کیا۔ وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ پاکستان خطے میں امن واستحکام کے لیے مذاکرات اور سفارت کاری پر یقین رکھتا ہے، پاکستان نے ایران اور امریکا کے درمیان تنازع کم کرنے کے لیے مسلسل کوششیں کیں اور کشیدہ حالات کے باوجود بات چیت کا سلسلہ جاری رکھا۔ محسن نقوی نے قطر کی سفارتی کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان ایران امریکا تنازع کے حل کے لیے قطر کے کردار کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ قطر نے ہمیشہ مذاکرات جاری رکھنے کو ترجیح دی اور خطے میں کشیدگی کم کرنے کے لیے سفارتی کوششوں کی حمایت کی۔ انہوں نے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے عالمی رہنماؤں سے روابط کے ذریعے فریقین کو مذاکرات کی میز پر لانے اور بات چیت کے امکانات پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کیا، میں خود بھی فیلڈ مارشل کے ہمراہ ایران کے دوروں پر گیا اور اعلیٰ ایرانی حکام سے ملاقاتوں میں شریک رہا۔ وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ مذاکراتی عمل کے دوران کئی مواقع پر صورت حال انتہائی کشیدہ ہوئی، تاہم پاکستان نے مشکل حالات میں بھی سفارتی رابطے منقطع نہیں ہونے دیے، پاکستان کی کوششوں کا بنیادی مقصد تنازع کو مزید پھیلنے سے روکنا اور خطے کو ایک بڑی تباہی سے بچانا تھا۔ محسن نقوی نے بتایا کہ پاکستان نے اپریل میں اسلام آباد مذاکرات کی میزبانی کی، جبکہ ان کے بیان کے مطابق جون میں امریکا اور ایران نے اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے، سوئٹزرلینڈ میں پاکستانی اور قطری قیادت کے درمیان 16 گھنٹے تک جاری رہنے والے مذاکراتی عمل کا بھی ذکر کیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان اور اس کے شراکت داروں کا مقصد سفارتی کامیابی کا کریڈٹ لینا نہیں بلکہ مزید تصادم کو روکنا اور بے گناہ انسانی جانوں کا تحفظ یقینی بنانا ہے، پاکستان ایسا مستقبل چاہتا ہے جہاں جنگیں شروع ہونے سے پہلے ہی اختلافات کو مذاکرات کے ذریعے حل کر لیا جائے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کو بھی علاقائی سلامتی کے تناظر میں اہم قرار دیا اور کہا کہ یہ معاہدہ دفاعی نوعیت کا ہے اور اس کا مقصد جنگی کارروائیوں کو فروغ دینا نہیں بلکہ سلامتی اور دفاعی تعاون کو مضبوط بنانا ہے۔ محسن نقوی کا دہشت گردی کے خلاف تعاون بڑھانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہنا تھا کہ انٹیلی جنس معلومات کے تبادلے اور مشترکہ کوششوں کو مزید مؤثر بنانا ہوگا، خطے میں پائیدار امن کے لیے مذاکرات کے دروازے کبھی بند نہیں ہونے چاہئیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کی خواہش جنگیں رکوانے کا کریڈٹ لینا نہیں، بلکہ ایسا مستقبل یقینی بنانا ہے جہاں تنازعات کو ابتدا ہی میں مذاکرات کے ذریعے حل کیا جا سکے اور بے گناہ انسانوں کی جانیں محفوظ رہیں۔

### شمال بقیہ 22

وسائل اور نوجوان آبادی میں مسلسل اضافہ سے پیدا ہونے والے امکانات کو حقیقت کا روپ دینے کے لیے ملک میں انسانی وسائل پر سرمایہ کاری ناگزیر ہے۔ یہ بات پاکستان میں ایشیائی ترقیاتی بینک کی کنٹری ڈائریکٹر ایما فن نے ایشیائی ترقیاتی بینک کی جانب سے جاری ہونے والی خصوصی ویڈیو میں کہی۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان کی 25 کروڑ آبادی میں تقریباً دو تہائی افراد کی عمر 30 سال سے کم ہے، اس لیے نوجوانوں کو مواقع فراہم کرنا ملک کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے نوجوان تبدیلی اور ترقی کی ایک متحرک قوت ہیں، اس آبادیاتی برتری کو حقیقی معاشی ثمرات میں تبدیل کرنے کے لیے پاکستان کو پائیدار اقتصادی ترقی حاصل کرنا ہوگی، نوجوانوں کے لیے ایسے مواقع پیدا کرنے میں مدد فراہم کرنا پاکستان اور ایشیائی ترقیاتی بینک کے درمیان طویل مدتی شراکت داری کا بنیادی مقصد رہا ہے۔

### شمال بقیہ 23

اس میں باجوہ اور فیض ذاتی طور پر ملوث تھے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ نے کہا کہ میاں نواز شریف نے اس وقت ان کی نشاندہی کی تھی، نواز شریف نے اس وقت انہیں کہا تھا کہ آپ کو ان چیزوں میں نہیں پڑنا چاہیے۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج پر مولانا کو اپنے انداز میں بات کرنی چاہیے، معاملے کو پختونوں سے منسلک کرنا بنیادی قومی یکجہتی کیلئے بہتر نہیں، میرا خیال ہے ان دنوں مولانا فضل الرحمان کا غصہ زیادہ ہے، مولانا فضل الرحمان کا غصہ وقت کے ساتھ نارمل ہو جائے گا۔ صحافی نے رانا ثنا اللہ سے سوال کیا کہ محسن نقوی کہتے ہیں ایک جماعت کے سربراہ حصہ نہ ملنے پر ناراض ہیں کیا کہیں گے؟ جس کے جواب میں انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان سے ہماری اسی دوران ایک میٹنگ ہوئی تھی، ملاقات میں ایاز صادق، طارق فضل چوہدری اور میں بھی تھا، اس کے بعد ایک اور ملاقات وزیراعظم کے ساتھ بھی ہوئی تھی، ان ملاقاتوں میں مولانا فضل الرحمان نے اس طرح کی کوئی بات نہیں کی۔

### شمال بقیہ 24

نے ملاقات کی جس میں صنعتی ترقی، بین الاقوامی تعاون، موسمیاتی تبدیلی، توانائی، مسابقت اور پیداواری صلاحیت میں اضافہ سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزارت صنعت و پیداوار کے مطابق ملاقات کے دوران ہارون اختر خان نے وزیراعظم محمد شہباز شریف کے اس وژن کو اجاگر کیا جس کا مقصد پائیدار صنعتی ترقی، جدید ٹیکنالوجی کے فروغ اور معاشی خود انحصاری کے ذریعے پاکستان کو ایک مضبوط اور برآمدات پر مبنی صنعتی معیشت میں تبدیل کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کی قیادت میں پاکستان صنعتی ترقی، معاشی استحکام اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کی جانب گامزن ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ملک کی بڑی نوجوان آبادی ایک اہم قومی اثاثہ ہے، تاہم صنعتی ترقی کے بغیر پائیدار معاشی پیش رفت اور روزگار کے مواقع پیدا کرنا ممکن نہیں۔

### شمال بقیہ 25

وحید کی عظیم قربانی کو خراج عقیدت پیش کیا اور شہید کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ صدر مملکت نے ملک کے امن و استحکام اور عوام کے تحفظ کے لیے سیکیورٹی فورسز کی مسلسل قربانیوں اور پیشہ ورانہ خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ دہشتگردوں کے غیر ملکی سرپرستوں اور ان کے مقامی سہولت کاروں کی ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا۔

### شمال بقیہ 26

ورانہ صلاحیتیں، بروقت اقدامات اور قربانیاں قابل تحسین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مختلف علاقوں میں دہشت گردوں کے خلاف مؤثر کارروائیاں اور 8 دہشت گردوں کی ہلاکت امن دشمن عناصر کے خلاف اہم کامیابی ہے۔ پنجپائی کوئٹہ میں سڑک پر ناکہ بندی کی کوشش کو ناکام بنانا اور دہشت گردوں کے ٹھکانوں سے اسلحہ و گولہ بارود برآمد کرنا اس امر کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے کہ عوام کے تحفظ کے لیے مسلسل نگرانی اور مؤثر اقدامات ضروری ہیں۔ شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا کہ خضدار میں دہشت گردوں کے ٹھکانے سے 490 کلوگرام دھماکا خیز مواد کی برآمدگی ایک اہم پیش رفت ہے۔ دہشت گرد عناصر اپنے مذموم عزائم کے ذریعے بلوچستان کے عوام میں خوف و ہراس پھیلانا اور آمدورفت میں رکاوٹیں پیدا کرنا چاہتے ہیں، تاہم ایسے اقدامات سے عوام کے حوصلے پست نہیں کیے جاسکتے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ امن، بھائی چارے اور ترقی کی خواہش کا اظہار کیا ہے۔ صوبے میں پائیدار امن کے قیام کے لیے ضروری ہے کہ دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں تسلسل کے ساتھ جاری رکھی جائیں اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔ رکن بلوچستان اسمبلی نے کہا کہ دہشت گردی کا خاتمہ صرف سکیورٹی کے لیے ہی نہیں بلکہ بلوچستان کی معاشی، تعلیمی اور سماجی ترقی کے لیے بھی ناگزیر ہے۔ امن وامان کی بہتر صورتحال سے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، کاروباری سرگرمیوں کے فروغ اور ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں مدد ملے گی۔ شیخ زرک خان مندوخیل نے سکیورٹی فورسز کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم امن دشمن عناصر کے خلاف متحد ہے اور عوام کے تحفظ، صوبے میں استحکام اور ترقی کے لیے تمام اداروں کی کوششوں کی حمایت کرتی ہے۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ مشترکہ کوششوں سے بلوچستان میں امن وخوشحالی کا خواب حقیقت بنے گا۔

### شمال بقیہ 27

پر ایک لاکھ 7 ہزار 526 عازمین کا کوٹہ جبکہ مختصر دورانیے کے حج کے لیے الگ سے 30 ہزار عازمین کا کوٹہ مختص کیا گیا ہے۔ درخواستیں پہلے آئیے، پہلے پائیے کی بنیاد پر وصول کی گئیں۔ ترجمان مذہبی امور کے مطابق عازمین حج واجبات کی ادائیگی کے لیے نیشنل آئی ٹی بورڈ کا حج پورٹل یا پاک حج ایپ استعمال کر سکتے ہیں، حج پورٹل پر بینک کارڈ، ون لنک یا دستی بینک چالان کے ذریعے ادائیگی کی سہولت دستیاب ہے۔ ترجمان نے ہدایت کی ہے کہ حج درخواست کی منسوخی سے بچنے کے لیے واجبات مقررہ وقت کے اندر جمع کروائے جائیں، مقررہ تاریخ تک رقم جمع نہ کرانے والوں کی درخواستیں منسوخ کی جاسکتی ہیں۔ وزارت مذہبی امور کے مطابق عازمین حج کے لیے حج پورٹل پر موجود میڈیکل فٹنس سرٹیفکیٹ ڈاؤن لوڈ کر کے ڈاکٹر سے اس کی تصدیق کروانا بھی لازم ہے۔ وزارت مذہبی امور نے عازمین کو نئی معلومات اور ہدایات کے لیے پاک حج ایپ استعمال کرنے کا مشورہ بھی دیا ہے۔ خیال رہے کہ حج درخواستیں وصول کرنے کے لیے ایک نجی بینک کو باضابطہ شراکت دار مقرر کیا گیا ہے، جس کی ملک بھر میں 1700 سے زائد شاخوں کے ذریعے درخواستیں جمع کرائی جاسکتی ہیں۔ اسلامی بینکاری کے اصولوں کے مطابق اس سہولت کے لیے کوئی فیس وصول نہیں کی جائے گی۔

### شمال بقیہ 28

کی روک تھام کے لیے محکمہ کی جانب سے کیے جانے والے اقدامات اور اس سلسلے میں آگاہی و مؤثر نگرانی کی اہمیت پر بھی روشنی ڈالی۔ دورے کے دوران معزز مہمانوں کو محکمہ کی خدمات اور عوام کو سہولیات فراہم کرنے کے لیے کیے جانے والے اقدامات سے آگاہ کیا گیا۔ محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کی جانب سے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال، آن لائن خدمات کے فروغ اور عوامی آگاہی کے حوالے سے مختلف امور بھی پیش کیے گئے۔ محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن عوام کو ٹیکس ادائیگی، گاڑیوں کی دستاویزات اور دیگر متعلقہ خدمات کے بارے میں سہولت فراہم کرنے کے لیے ڈیجیٹل نظام اور آگاہی اقدامات کو اہمیت دیتا ہے۔

### شمال بقیہ 29

سے اداروں کی نیک نامی میں اضافہ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبے کے مختلف شعبوں، بالخصوص تعلیم، صحت، زراعت، لائیو اسٹاک اور پولیس میں بہتری کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

### شمال بقیہ 30

ذریعے اپنی نوکری پکی کر رہے ہیں ان کی تنقید سے ثابت ہوتا ہے کہ قائد جمعیت کا تیر درست نشانے پر لگا ہے، جس کے باعث مخالفین کی چیخیں نکل رہی ہیں حکمران اپنی حکمرانی کی ناکامیوں کا ملبہ مولانا فضل الرحمان پر ڈال کر اپنی نااہلی چھپانا چاہتے ہیں، انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان کے سیاسی موقف اور سرگودھا میں ہونے والی بڑی کانفرنس سے مخالف قوتیں خوفزدہ ہیں اسی لیے قائد جمعیت کے خلاف بے بنیاد الزامات اور جھوٹا پروپیگنڈا کیا جا رہا ہے، مولانا فضل الرحمان عوام کے حقوق، آئین کی بالادستی اور پارلیمنٹ کی خودمختاری کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں لیکن ان کے خلاف من گھڑت الزامات سچ کی آواز کو دبانے میں کامیاب نہیں ہوسکتے، جے یو آئی سندھ کے پریس سیکریٹری ڈاکٹر اے جی انصاری کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان کا واضح موقف ہے کہ پارلیمنٹ سپریم ادارہ ہے تو پھر ملک کے اہم فیصلے پنڈی میں کیوں کیے جا رہے ہیں حقیقت یہ ہے کہ قائد جمعیت نے حکمرانوں کی اصل حقیقت عوام کے سامنے بے نقاب کر دی ہے، انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان نے پنجاب میں سیاسی سرگرمیوں اور عوامی رابطوں کے دوران فارم 47 کے حوالے سے حقائق سے عوام کو آگاہ کیا لیکن پنجاب میں عوام کی بھرپور شرکت حکمرانوں سے برداشت نہیں ہو رہی، پنجاب میں فارم 47 کی حکومت کا پول کھولنے پر مخالفین کی چیخیں نکل رہی ہیں، انہوں نے کہا کہ جے یو آئی کسی اندرونی قوت کے ساتھ سودے بازی یا بیرونی دباؤ کے تحت اپنے اصولوں پر سمجھوتہ نہیں کرے گی کیونکہ ہماری سیاست کی بنیاد اصولوں، عوامی حقوق اور ملکی خودمختاری پر ہے، مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں جمعیت علماء اسلام کے 250 ساتھی شہید ہوئے جبکہ مولانا فضل الرحمان سمیت اہم رہنماؤں پر قاتلانہ حملے کیے گئے اس کے باوجود جے یو آئی نے اپنے اصولی موقف اور جدوجہد سے پیچھے ہٹنے کے بجائے عوامی حقوق اور ملکی امن کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھی ہیں، انہوں نے کہا کہ ملک میں مہنگائی نے عوام کی کمر توڑ دی ہے معیشت تباہی کے دہانے پر پہنچ چکی ہے اور غریب عوام شدید مشکلات کا شکار ہیں جبکہ حکمران عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے بجائے عیاشیوں میں مصروف ہیں، انہوں نے کہا کہ معدنی وسائل پر صوبوں کا حق ہے لیکن ان وسائل کی لوٹ مار جاری ہے، جس سے صوبوں اور عوام کے حقوق کو نقصان پہنچ رہا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ بعض لوگ اقتدار کے حصول کے لیے خوشامد کرتے ہیں اور اپنے مفادات حاصل کرنے کے بعد انہی لوگوں کے خلاف زبان کھولتے ہیں جن کے سہارے وہ اقتدار تک پہنچتے ہیں ایسی احسان فراموشی پر مبنی سیاست اب عوام کے سامنے بے نقاب ہو چکی ہے، مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ جے یو آئی کے کارکن اسلام، وطن اور قائد جمعیت مولانا فضل الرحمان کے تحفظ کے لیے ہر وقت تیار ہیں۔

### شمال بقیہ 31

پر مذہبی نذرانہ اور مالی عطیہ بھیجا، جبکہ جاپانی حکومت کے متعدد عہدیداروں، حکمران لبرل ڈیموکریٹک پارٹی کے سینئر رہنماؤں اور ارکان پارلیمنٹ نے بھی حالیہ دنوں میں اس مقام کا دورہ کیا۔ ماننگ نے کہا کہ یاسوکونی مزار جاپانی عسکریت پسندوں کی نظریاتی علامت ہے، جو جارحانہ جنگ کے ذمہ دار تھے۔

### شمال بقیہ 32

ایکس پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ ملاقات میں دونوں برادر ممالک کے درمیان گہرے اور تاریخی تعلقات کی اہمیت کا اعادہ کیا گیا۔ انہوں نے کہا ہے کہ اس کے علاوہ خطے کی صورت حال میں پیش رفت، تعاون بڑھانے اور مشترکہ خلیجی اقدامات سے متعلق امور پر بھی گفتگو ہوئی۔ شہزادہ خالد بن سلمان نے متحدہ عرب امارات کے نائب صدر شیخ منصور بن زاید آل نہیان سے بھی ملاقات کی۔

### شمال بقیہ 33

ہے کہ ان کی جدوجہد کا مقصد صرف انصاف کا حصول ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ حالیہ واقعات کے بعد انہیں اور ان کے خاندان کو سنگین نتائج کی دھمکیاں دی جا رہی ہیں، جس سے ان کی مشکلات میں مزید اضافہ ہوا ہے۔ اپنے بیان میں خاتون نے کہا کہ ان کے خاندان نے ہمیشہ انصاف کی بات کی ہے اور کسی کے ساتھ ان کی ذاتی لڑائی یا دشمنی نہیں۔ انہوں نے قبائلی رہنماؤں، علمائے کرام، سیاسی و سماجی شخصیات اور تمام درد دل رکھنے والے افراد سے اپیل کی کہ ان کے معاملے کو ذاتی انا یا گروہی تنازعے کی نذر ہونے سے بچایا جائے اور انصاف کی فراہمی میں ان کا ساتھ دیا جائے۔ انہوں نے اپنے والد مرحوم کی تربیت کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ان کے والد شہادت سے قبل بھی کسی کے لیے بددعا نہیں کرتے تھے بلکہ اللہ تعالیٰ سے مخالفین کو ان کے اور ان کے خاندان کے حق میں ہدایت دینے کی دعا کرتے تھے۔ ان کا کہنا تھا کہ والد کی یہی سوچ آج بھی ان کے لیے مشعل راہ ہے اور وہ نفرت یا انتقام کے بجائے انصاف کی خواہاں ہیں۔ خاتون نے کہا کہ وہ بھی معاشرے کی ہر دوسری بیٹی اور بہن کی طرح عزت، جان اور تحفظ کا حق رکھتی ہیں۔ انہوں نے قبائلی عمائدین اور باشعور افراد پر زور دیا کہ وہ ان کے درد کو سمجھیں، ان کی آواز بنیں اور ان کے خاندان کو درپیش مشکلات کے حل میں اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ انہیں اور ان کے خاندان کو موصول ہونے والی مبینہ دھمکیوں کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے، انہیں مؤثر تحفظ فراہم کیا جائے اور معاملے کی منصفانہ تحقیقات کے بعد قانون کے مطابق انصاف یقینی بنایا جائے۔ اپنے بیان کے اختتام پر خاتون نے کہا کہ اگر انہیں دنیا میں انصاف نہ ملا تو وہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کی عدالت میں اپنا مقدمہ پیش کریں گی، جہاں ان کے بقول کسی طاقت، سفارش یا ذاتی انا کے بجائے حق اور انصاف کی بنیاد پر فیصلہ ہوگا۔

### شمال بقیہ 34

زادہ کی دعوت پر اجلاس میں شرکت کریں گے۔ اجلاس میں بیلاروس، چین، قازقستان، کرغزستان، روس، تاجکستان اور ازبکستان کے وزرائے اعظم شرکت کریں گے، جبکہ ایران کی نمائندگی نائب صدر اور بھارت کی نمائندگی وزیر خارجہ کریں گے۔ اجلاس میں رکن ممالک کے درمیان اقتصادی، مالیاتی، تجارتی اور سماجی و اقتصادی تعاون، علاقائی رابطہ کاری اور تنظیم کے بجٹ سے متعلق امور کا جائزہ لیا جائے گا۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی تاجکستان کے صدر اور وزیراعظم سے ملاقاتیں بھی شیڈول ہیں، اس کے علاوہ وہ ایس سی او کے رکن ممالک کے ہم منصبوں سے دوطرفہ ملاقاتیں بھی کریں گے۔ واضح رہے کہ پاکستان اگست 2027 میں ایس سی او کے سربراہان مملکت کے اجلاس کی میزبانی کرے گا، جس کے لیے اسلام آباد میں تیاریاں جاری ہیں۔

### شمال بقیہ 35

سفر کرنے والی مسافر گاڑیوں کو راستے میں متعدد مقامات پر روک کر طویل انتظار کروایا جاتا ہے، جس سے نہ صرف ٹرانسپورٹ کا نظام متاثر ہوتا ہے بلکہ مسافروں کو بھی شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ گاڑیوں کی آمدورفت میں تاخیر کے باعث مقررہ ٹائم شیڈول برقرار رکھنا مشکل ہو جاتا ہے، جبکہ کاروباری اخراجات میں اضافے سے ٹرانسپورٹرز پہلے ہی دبا کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانسپورٹرز ملکی معیشت اور عوام کو سفری سہولیات فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، لیکن ان کے مسائل پر سنجیدگی سے توجہ نہیں دی جا رہی۔ امن وامان برقرار رکھنا اور مسافروں کی حفاظت یقینی بنانا حکومت اور متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے، تاہم سکیورٹی اقدامات کے دوران مسافر گاڑیوں کی آمدورفت کو غیر ضروری طور پر طویل وقت تک روکنے سے گریز کیا جانا چاہیے۔ چیک پوسٹوں پر ایسا مؤثر نظام بنایا جائے جس کے تحت ضروری جانچ پڑتال بھی ہو اور مسافروں کو بلاوجہ انتظار کی اذیت بھی برداشت نہ کرنا پڑے۔ بس یونین رہنماؤں نے حکومت بلوچستان، وفاقی حکومت اور متعلقہ سکیورٹی و انتظامی حکام سے مطالبہ کیا کہ کوئٹہ پنجاب روٹ پر ٹائم شیڈول کے مسائل حل کیے جائیں، امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں اور چیک پوسٹوں پر مسافر گاڑیوں کی جانچ پڑتال کا طریقہ کار آسان اور تیز بنایا جائے تاکہ ٹرانسپورٹرز اپنے کاروبار کو بہتر انداز میں جاری رکھ سکیں اور عوام کو محفوظ، بروقت اور معیاری سفری سہولیات میسر آسکیں۔

### شمال بقیہ 36

کمشنر سی سے ملاقات کی اس موقع پر چیف آفیسر میونسپل کمیٹی سی نے ڈپٹی کمشنر سی کو شہر سمیت گردونواح میں صاف صفائی کی صورت حال میونسپل کمیٹی میں عملے کی کمی سمیت دیگر مسئلہ مسائل سے تفصیلی آگاہی فراہم کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ کئی دہائیوں سے میونسپل کمیٹی میں صفائی کے عملے کی قلت کا سامنا ہے جبکہ دیگر مسائل ہونے کے باوجود شہر سمیت گردونواح میں صاف صفائی کی صورت حال کو بہتر سے بہتر بنا کر عوام کو صاف ستھرا ماحول فراہم کر رہے ہے شہر کی اہم شاہراہوں پر پکراودان رکھے گے ہیں جبکہ شہر میں دن اور رات کو صفائی کی جاتی ہے نالیوں گندے نالے کی بھی صفائی کا تسلسل برقرار رکھا گیا ہے میونسپل کمیٹی سی کے ہر علاقے میں صفائی کا سلسلہ جاری ہے کنا مار مہم سمیت مچھروں کو تلف کرنے کے لئے وسائل میں رہ کر اسپرے شروع کریں گے چیف آفیسر میونسپل کمیٹی سی ملک عبدالقیوم دہپال کا کہنا تھا کہ سرکار نے جو ذمہ داریاں دی ہے ان کو پوری ایمانداری کے ساتھ سرانجام دے کر محکمہ بلدیات کا مورال بلند کر رکھا ہے ڈپٹی کمشنر سی میجر (ر) محمد الیاس کبزئی نے چیف آفیسر میونسپل کو شہر کی خوبصورتی کو بحال رکھتے ہوئے صفائی مہم شروع کرنے کی بھی ہدایات دی۔

### شمال بقیہ 37

جہاں میمن نے کہا کہ بجٹ سازی میں مقامی آبادی کی ضروریات کو ترجیح دی جائے، کیونکہ عوامی وسائل کا بنیادی مقصد شہریوں کو بنیادی سہولیات فراہم کرنا ہے۔ اس موقع پر گاں صالح چوہان میں گرلز اسکول کی عدم دستیابی صاف پانی کی قلت نکاسی آب کے ناقص انتظامات اور سیلابی مشکلات کی نشاندہی کرتے ہوئے متعلقہ حکام سے مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کا مطالبہ کیا گیا۔ شرکا نے ہسپتالوں میں ادویات اور ایمرجنسی سہولیات کی بہتری جبکہ مزدوروں کے لیے روزگار اور فلاحی اقدامات کو بھی ترقیاتی بجٹ میں شامل کرنے پر زور دیا۔ فورم میں کمیونٹی اسکور کارڈ کے ذریعے عوامی خدمات کا جائزہ لیا گیا اور مطالبہ کیا گیا کہ آئندہ ترقیاتی بجٹ میں مقامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے فنڈز مختص کیے جائیں اور منصوبوں کی شفاف نگرانی یقینی بنائی جائے۔

### شمال بقیہ 38

ڈپلومہ پروگرامز چینی زبان و ثقافت میں ایڈوانسڈ ڈپلومہ، انگریزی زبان میں ایڈوانسڈ ڈپلومہ، کنسٹرکشن انجینئرنگ، مصنوعی ذہانت (AI) اور ڈیٹا سائنس چھ ماہ کے ڈپلومہ / سرٹیفکیٹ کورسز، سرٹیفکیٹ ان انفارمیشن ٹیکنالوجی (CIT)، کرین آپریٹر اور کار ڈرائیونگ، بوٹ مکینک اور انجن کی مرمت، جنرل اور سولر الیکٹریشن، موبائل فون کی مرمت، صحت کی دیکھ بھال اور خدمات، بیوٹیشن، شیف / کک داخلے کی اہلیت چھ ماہ کے پروگراموں کے لیے میٹرک میں کم از کم 45 فیصد نمبر، جبکہ ایک سالہ ڈپلومہ پروگراموں کے لیے انٹرمیڈیٹ یا مساوی تعلیمی قابلیت ضروری ہے۔ تین سالہ پروگراموں کی اہلیت کے لیے انسٹی ٹیوٹ سے رابطہ کیا جاسکتا ہے اسکالرشپس و مالی معاونت انسٹی ٹیوٹ اور گوادر پورٹ اتھارٹی (GPA) کی جانب سے طلبہ کے لیے ٹیوشن فیس میں رعایت اور اسکالرشپس، جبکہ مستحق اور باصلاحیت طلبہ کے لیے مناسب وظیفے کی سہولت بھی فراہم کی جائے گی اس سلسلے میں داخلہ فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ 13 نومبر 2026 ہے، جبکہ داخلہ ٹیسٹ اور انٹرویوز کی تاریخ کا اعلان بعد میں کیا جائے گا امیدوار داخلہ فارم انسٹی ٹیوٹ کے داخلہ دفتر سے حاصل کر سکتے ہیں یا آن لائن ڈاؤن لوڈ بھی کر سکتے ہیں اس سلسلے میں مزید معلومات پاک چین ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل انسٹی ٹیوٹ جامعہ گوادر، سید ظہور شاہ ہاشمی ایونیو گوادر سے رابطہ کر سکتے ہیں آن لائن فارم: [داخلہ فارم ڈاؤن لوڈ کریں]

### شمال بقیہ 39

پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں دونوں خواتین موقع پر جاں بحق ہوگئیں۔ سی سی ٹی وی فوٹیج میں ایک ملزم کو رکشے کی جانب بھاگ کر آتے اور اس میں بیٹھی خواتین پر فائرنگ کرتے دیکھا جاسکتا ہے، فائرنگ کے بعد ملزم فرار ہوگیا۔ پولیس کے مطابق واقعے میں تیس بور پستول استعمال کیا گیا جبکہ سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے ملزمان کی شناخت بھی ہوگئی ہے۔ پولیس کا کہنا تھا کہ تاحال یہ معلوم نہیں ہو سکا کہ انہیں کیوں نشانہ بنایا ہے تاہم اس ضمن میں ورثا کے آنے کے بعد ہی مزید قانونی کارروائی آگے بڑھائی جاسکے گی۔

### شمال بقیہ 40

ہیں پارٹی کے سربراہ کے خلاف حکومت کی جانب سے جو میڈیا ٹرائل شروع کیا ہے وہ اپنی نوکری پکی کر رہے ہیں جو قابل مذمت ہے حکومت اپنا رویہ درست کرے ورنہ جمعیت علماء اسلام اگر میدان میں آگئے پھر حکومتی ایوانوں میں چھپنے کی جگہ نہیں ملے گی' یہ بات جمعیت علماء اسلام کے مرکزی جوائنٹ سیکرٹری ملک سکندر خان ایڈووکیٹ' اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری' اصغر ترین' سید ظفر آغا' میر زاہد ریکی 'سابق صوبائی وزیر حاجی نواز کاکڑ اور جمعیت علماء اسلام کے صوبائی جنرل سیکرٹری آغا محمود شاہ نے حکومتی اراکین کی جانب سے مولانا فضل الرحمن کے خلاف میڈیا ٹرائل پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ جو لوگ اسٹیبلشمنٹ کے کہنے پر جے یو آئی سربراہ مولانا فضل الرحمان پر تنقید کر رہے ہیں وہ دراصل اپنے بیانات کے ذریعے اپنی نوکری پکی کر رہے ہیں ان کی تنقید سے ثابت ہوتا ہے کہ قائد جمعیت کا تیر درست نشانے پر لگا ہے جس کے باعث مخالفین کی چیخیں نکل رہی ہیں حکمران اپنی حکمرانی کی ناکامیوں کا ملبہ مولانا فضل الرحمان پر ڈال کر اپنی نااہلی چھپانا چاہتے ہیں، انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان کے سیاسی موقف اور سرگودھا میں ہونے والی بڑی کانفرنس سے مخالف قوتیں خوفزدہ ہیں اس لیے قائد جمعیت کے خلاف بے بنیاد الزامات اور جھوٹا پروپیگنڈا کیا جا رہا ہے، مولانا فضل الرحمان عوام کے حقوق، آئین کی بالادستی اور پارلیمنٹ کی خودمختاری کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں لیکن ان کے خلاف من گھڑت الزامات سچ کی آواز کو دبانے میں کامیاب نہیں ہوسکتے

### شمال بقیہ 41

سے متعلق موجودہ قانونی ڈھانچے کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا، وسائل کے پائیدار استعمال کو یقینی بنانا اور متعلقہ اداروں کے درمیان بہتر رابطہ کاری اور مؤثر انتظامی نظام قائم کرنا ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ بلوچستان میں ماہی گیری، آبی زراعت، فشریز ہاربرز اور ساحلی ترقی سے متعلق مروجہ قوانین، جن میں بلوچستان فشریز آرڈیننس 1961، بلوچستان سی فشریز آرڈیننس 1971، پسنی فشریز ہاربر اتھارٹی آرڈیننس 1983 اور بلوچستان کوسٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی ایکٹ 1998 شامل ہیں، وقت گزرنے کے ساتھ جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے متقاضی ہیں۔ ان قوانین میں موجودہ قانونی و انتظامی پیچیدگیوں اور ادارہ جاتی اختیارات کے تداخل کے باعث ایک مربوط اور مؤثر قانونی نظام کی ضرورت محسوس کی جا رہی ہے۔ اجلاس میں اس امر پر زور دیا گیا کہ بلوچستان کے وسیع ساحلی وسائل اور ماہی گیری کے شعبے کی اہمیت کے پیش نظر ان وسائل کا تحفظ، پائیدار ترقی، مؤثر نگرانی اور بہتر انتظام ناگزیر ہے۔ اس تناظر میں مجوزہ قانون سازی کو صوبے میں ماہی گیری اور آبی زراعت کے شعبوں کی بہتری اور ادارہ جاتی ہم آہنگی کے لیے اہم قرار دیا گیا۔ بل پر طویل غور وخوض اور تفصیلی بحث کے بعد کمیٹی کے اراکین نے اپنی سفارشات پیش کیں، جنہیں مزید غور وخوض اور منظوری کے لیے ایوان میں زیر بحث لانے کی سفارش کی گئی۔ اجلاس کے اختتام پر چیئرمین کمیٹی ہدایت الرحمن نے اراکین اور متعلقہ حکام کا شکریہ ادا کیا۔

### شمال بقیہ 42

کے درمیان تصادم ہوا جس کے بعد تارکین وطن کی کشتی الٹ گئی۔ ہلاک ہونے والوں میں چار مرد، ایک خاتون اور ایک شیرخوار بچہ شامل ہیں۔ ریسکیو حکام نے 8 افراد کو زندہ بچا کر اسپتال منتقل کیا، جن میں خواتین اور بچے بھی شامل ہیں۔ حکام کے مطابق ایک 37 سالہ ترک شہری کو مبینہ انسانی اسمگلنگ اور کشتی چلانے کے الزام میں گرفتار کیا گیا ہے۔ حادثے کی وجوہات جاننے کے لیے تحقیقات کی جا رہی ہیں۔

### شمال بقیہ 43

واقعے کی اطلاع ملتے ہی تمام ضروری اور قانونی کارروائی مکمل کرنے کے بعد لاش کو ورثا کے حوالے کر دیا۔

### شمال بقیہ 44

کی مسلسل کوششیں قابل ستائش ہیں۔ پنجپائی، کوئٹہ میں دہشت گردوں کی جانب سے سڑک پر ناکہ بندی کی کوشش کو ناکام بنانا ایک اہم پیش رفت ہے، جس سے عوام کی جان و مال اور آمدورفت کو محفوظ بنانے کے عزم کا اظہار ہوتا ہے۔ میر سلیم کھوسہ نے کہا کہ کوئٹہ، نوشکی اور خضدار میں کارروائیوں کے دوران بھارتی سرپرستی میں سرگرم 8 دہشت گردوں کی ہلاکت سکیورٹی اداروں کی اہم کامیابی ہے۔ کوئٹہ میں دہشت گردوں کے ٹھکانوں سے اسلحہ اور گولہ بارود جبکہ خضدار میں 490 کلوگرام دھماکا خیز مواد کی برآمدگی سکیورٹی فورسز کی مؤثر حکمت عملی اور دہشت گردی کے ممکنہ خطرات سے نمٹنے کی کوششوں کو ظاہر کرتی ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ دہشت گرد اپنے مذموم عزائم کے ذریعے عوام کی روزمرہ زندگی، نقل و حرکت اور معمولات کو یرغمال نہیں بنا سکتے۔ ریاستی ادارے عوام کے جان و مال کے تحفظ اور امن کے قیام کے لیے اپنی ذمہ داریاں ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پائیدار امن کا قیام، شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اور دہشت گردی کا مکمل خاتمہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ حکومت سکیورٹی فورسز کے ساتھ مل کر صوبے میں امن و استحکام کے لیے تمام ضروری اقدامات جاری رکھے گی۔ میر سلیم کھوسہ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور عوام کے تعاون سے بلوچستان کو امن و ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کی کوششیں جاری رہیں گی۔ کوئٹہ میں دہشت گردوں کے ٹھکانوں سے اسلحہ اور گولہ بارود جبکہ خضدار میں 490 کلوگرام دھماکا خیز مواد کی برآمدگی سکیورٹی فورسز کی مؤثر حکمت عملی اور دہشت گردی کے ممکنہ خطرات سے نمٹنے کی کوششوں کو ظاہر کرتی ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ دہشت گرد اپنے مذموم عزائم کے ذریعے عوام کی روزمرہ زندگی، نقل و حرکت اور معمولات کو یرغمال نہیں بنا سکتے۔ ریاستی ادارے عوام کے جان و مال کے تحفظ اور امن کے قیام کے لیے اپنی ذمہ داریاں ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پائیدار امن کا قیام، شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اور دہشت گردی کا مکمل خاتمہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ حکومت سکیورٹی فورسز کے ساتھ مل کر صوبے میں امن واستحکام کے لیے تمام ضروری اقدامات جاری رکھے گی۔ میر سلیم کھوسہ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور عوام کے تعاون سے بلوچستان کو امن وترقی کی راہ پر گامزن کرنے کی کوششیں جاری رہیں گی۔

### شمال بقیہ 45

سال کی تاریخ سے ملک کا کوئی تعلق نہیں، جب بھی سندھ کی بات ہوتی ہے لوگ 5 ہزار سال کی تاریخ لاکر رکھ دیتے ہیں۔ خالد مقبول کا کہنا تھا کہ ہم نے ملک وہاں بنایا جہاں ہم رہتے نہیں تھے، اس کے لیے لاکھوں قربانیاں دیں، جب دارالخلافہ کو تبدیل کیا گیا تو ون یونٹ تھا جب صوبے بحال کیے گئے تو کوئی ریفرنڈم نہیں ہوا تھا، کوئی ووٹنگ نہیں ہوئی تھی، کراچی کو کراچی سے پوچھے بغیر سندھ کا حصہ بنایا گیا تھا۔

# دہشتگردوں کو معصوم شہریوں کو نشانہ بنانے کی اجازت نہیں دی جاسکتی، زرک مندوخیل

کوئٹہ، نوشکی اور خضدار میں 8 دہشت گردوں کی ہلاکت اہم پیش رفت ہے، دہشت گردوں کو عوام کے امن اور معمولات زندگی سے کھیلنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی، رکن بلوچستان اسمبلی

**پائیدار امن کے قیام کے لیے ضروری ہے کہ دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں تسلسل کے ساتھ جاری رکھی جائیں اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے، بیان**

کوئٹہ (آن لائن) رکن بلوچستان اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کوئٹہ، نوشکی اور خضدار میں دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی پیشہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

☆☆☆☆☆☆ کوئٹہ، اسپیشل سیکریٹری خزانہ عارف اچکزئی محکمہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں ☆☆☆☆☆☆

## جے ڈی وینس کا ایران جنگ سے نمٹنے میں امریکی ناکامیوں کا اعتراف

**امریکا بعض پہلوؤں سے فیصلہ کن کامیابی حاصل کر چکا ہے، نائب امریکی صدر**

واشنگٹن (آن لائن) امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے ایران جنگ سے نمٹنے کے معاملے میں بہت سی غلطیوں اور بنیادی نوعیت کی متعدد ناکامیوں کا اعتراف کیا ہے۔ انہوں نے یہ بیان جنگ کے نتیجے میں بڑھتے ہوئے جانی و معاشی نقصانات کے حوالے سے امریکی نیوز چینل کے ایک خصوصی عوامی پروگرام میں سوالات کا جواب دیتے ہوئے دیا ہے۔ جے ڈی وینس نے امریکی فوجی تنصیبات کی سیکیورٹی کے حوالے سے اعتراف کیا کہ اس معاملے میں خامیاں موجود تھیں۔ انہوں نے کہا کہ بعض اوقات معلومات مجھ تک نہیں پہنچ پاتیں۔

### چھاتی کے سرطان کی علامات اور احتیاطی تدابیر بارے آگاہی عام کرنے کی ضرورت ہے، اسپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (آن لائن) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے چھاتی کے سرطان سے بچاؤ اور بروقت تشخیص کے لئے عوامی شعور اجاگر کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس کی بروقت تشخیص، موثر علاج اور خواتین کی صحت کے تحفظ کے لئے اہم ہے

## صحت کارڈ پلس پروگرام میں مبینہ مالی بے ضابطگیوں کا نوٹس، تحقیقات شروع

**نیب کی جانب سے بینک اسٹیٹمنٹس، آڈٹ رپورٹس اور وینڈر معاہدے طلب**

اسلام آباد (آن لائن) قومی احتساب بیورو نے خیبر پختونخوا صحت کارڈ پلس پروگرام کی مبینہ مالی بے ضابطگیوں کا نوٹس لے لیا۔ نیب نے صحت انصاف کارڈ کے سابق سی ای او ڈاکٹر ریاض تنولی نیب خیبر پختونخوا ہیڈ کوارٹر طلب کرلیا۔ ڈاکٹر ریاض کو 29 اکتوبر کو نیب پشاور دفتر میں پیش ہونے کی ہدایت کی گئی ہے۔ ڈاکٹر ریاض تنولی سے مالی سال 2023-24 میں 12 ارب روپے کے اجرا اور اخراجات کا ریکارڈ طلب کیا گیا ہے، جولائی 2025 سے جولائی 2026 تک 9 ارب روپے کے فنڈز بھی جانچ میں شامل ہے، صحت کارڈ پروگرام میں غیر مصدقہ اخراجات اور کلیمز سے متعلق سوالات کیے گئے ہیں۔ صحت کارڈز کے ڈیٹا میں مبینہ بے ضابطگیوں اور ڈپلیکیٹ کارڈز کے اجرا کی جانچ بھی جاری ہے

### کراچی: منگھوپیر میں رکشہ الٹنے سے 4 سالہ بچہ جاں بحق، بھائی زخمی

کراچی (آن لائن) کراچی کے علاقے منگھو پیر میں کٹی پہاڑی کے قریب رکشہ الٹنے سے ایک بچہ جاں بحق جبکہ اس کا سگا بھائی شدید زخمی ہوگیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق حادثے میں جاں بحق بچے کی شناخت 4 سالہ صفیان جبکہ زخمی بچے کی شناخت 3 سالہ ریحان کے نام سے ہوئی ہے۔ دونوں بچے آپس میں سگے بھائی ہیں۔

## عدالت میں دوران سماعت سیلفیاں بنانا وکیل کو مہنگا پڑ گیا

**جسٹس خادم حسین سومرو کا وکیل کی جانب سے سیلفیاں بنانے پر اظہار برہمی**

اسلام آباد (آن لائن) اسلام آباد ہائیکورٹ میں کیسز کی سماعت کے دوران وکیل کو سیلفیاں بنانا مہنگا پڑ گیا۔ کمرہ عدالت میں کیسز کی سماعت کے دوران جسٹس خادم حسین سومرو نے وکیل کو سیلفی بناتے ہوئے دیکھا تو برہمی کا اظہار کیا۔ جسٹس خادم حسین سومرو نے کہا کہ وکیل صاحب یہ کیا کر رہے ہیں آپ، کچھ خدا کا خوف کریں، یہ عدالت ہے لہٰذا عدالت کے ڈیکورم کا کم از کم خیال رکھیں۔ وکیل کو سیلفیاں بنانے کے معاملے پر جسٹس خادم حسین سومرو سے معذرت کرنا پڑی۔

### اوستہ محمد کے نوجوانوں کی میرٹ پر تعیناتی خوش آئند ہے، فیصل جمالی

اوستہ محمد (آن لائن) سردارزادہ میر فیصل خان جمالی نے اوستہ محمد میں میرٹ کی بنیاد پر تعینات ہونے والے نوجوانوں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ میرٹ پر تقرریاں نوجوانوں کی صلاحیتوں پر اعتماد اور شفاف نظام کی عکاس ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ تعینات نوجوان اپنی ذمہ داریاں ایمانداری، فرض شناسی اور عوامی خدمت کے جذبے کے ساتھ ادا کریں گے اور اپنے کردار و عمل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

# سرکاری حج سکیم کے تحت واجبات کی دوسری قسط جمع کرانے کی آج آخری تاریخ

**مقررہ تاریخ تک رقم جمع نہ کرانے والوں کی درخواستیں منسوخ کی جاسکتی ہیں، ترجمان وزارت مذہبی امور**

اسلام آباد (آن لائن) سرکاری حج سکیم کے تحت حج واجبات کی دوسری قسط جمع کرانے کی (آج) منگل کو آخری تاریخ ہے۔ ترجمان وزارت مذہبی امور نے سرکاری عازمین حج کو ہدایت کی ہے کہ وہ 20 اکتوبر تک واجبات کی ادائیگی لازمی مکمل کرلیں۔ حج 2027 کے لیے درخواستوں کا عمل 17 اگست کو شروع ہوا تھا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر مذہبی امور سردار یوسف نے اعلان کیا تھا کہ پہلی قسط کے لیے درخواستیں اسی تاریخ سے وصول کی جائیں گی، جبکہ دوسری قسط اکتوبر میں جمع کرائی جائے گی۔ سرکاری حج اسکیم کے تحت مجموعی طور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

## چیئرمین پرائم منسٹر یوتھ پروگرام کا بی اے مال کوئٹہ کا دورہ، محکمہ ایکسائز کے اسٹال کا معائنہ

**محکمہ ایکسائز کی جانب سے آن لائن ٹیکس نظام، ڈیجیٹل سہولیات اور منشیات کی روک تھام پر تفصیلی بریفنگ**

کوئٹہ (خ ن) چیئرمین پرائم منسٹر یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد نے بی اے مال کوئٹہ کے دورہ کے دوران محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے نمائشی اسٹال کا دورہ کیا، جہاں محکمہ کے افسران نے انہیں مختلف عوامی سہولیات، آن لائن ٹیکس نظام، منشیات کی روک تھام اور گاڑیوں کے کاغذات و دستاویزات سے متعلق امور پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ایکسائز افسران نے آن لائن ٹیکس ادائیگی کے طریقہ کار اور جدید ڈیجیٹل سہولیات کے بارے میں آگاہ کیا۔ بریفنگ میں گاڑیوں کی رجسٹریشن، ملکیت کی تصدیق، ضروری دستاویزات اور متعلقہ قانونی تقاضوں سے متعلق معلومات بھی فراہم کی گئیں۔ افسران نے منشیات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

## اسحاق ڈار کی سربراہی میں پاکستانی وفد ایس سی او اجلاس میں شرکت کرے گا

**وزیر خارجہ تاجکستان کے وزیراعظم کی دعوت پر دوشنبے جائیں گے، دفتر خارجہ**

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار تاجکستان کے دارالحکومت دوشنبے میں شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کی کونسل آف ہیڈز آف گورنمنٹ کے اجلاس میں پاکستانی وفد کی قیادت کریں گے۔ شنگھائی تعاون تنظیم کی کونسل آف ہیڈز آف گورنمنٹ تنظیم کا دوسرا اعلیٰ ترین فیصلہ ساز ادارہ ہے، جو رکن ممالک کے درمیان اقتصادی اور تجارتی تعاون سمیت مختلف شعبوں میں مشترکہ حکمت عملی مرتب کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ دفتر خارجہ کے مطابق اسحاق ڈار تاجکستان کے وزیراعظم قاہر رسول (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

## معاشی ترقی کی شرح پر نظرثانی، معیشت کا حجم 450.4 ارب ڈالر ہوگیا

**پاکستان میں فی کس آمدن 1،896 ڈالر ریکارڈ کی گئی، نیشنل اکاؤنٹس کمیٹی**

اسلام آباد (آن لائن) گزشتہ مالی سال معاشی ترقی کی شرح پر نظرثانی کرکے 0.05 فیصد کمی کردی گئی۔ حکومت نے مالی سال 2025-26 کی جی ڈی پی شرح نمو 3.65 فیصد مقرر کردی، مالی سال 2025-26 میں شرح نمو کا ابتدائی تخمینہ 3.70 فیصد تھا۔ نیشنل اکاؤنٹس کمیٹی کے مطابق پاکستان کی معیشت کا حجم 450.4 ارب ڈالر ہوگیا، پاکستان میں فی کس آمدن 1896 ڈالر ریکارڈ کی گئی۔ مالی سال 2025-26 میں زراعت کے شعبے کی شرح نمو 3.5 فیصد رہی، خدمات کے شعبے میں شرح نمو 3.81 فیصد ریکارڈ کی گئی، صنعتی شعبے کی شرح نمو 3.34 فیصد رہی۔ مالی سال 2025-26 میں پاکستان کی معیشت کا حجم 126.4 کھرب روپے ہوگیا۔

گوادر، چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ شنہزا اینڈ شاؤ فارم کے سی ای او شاؤ یتی کو یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

# میری جدوجہد ذاتی دشمنی نہیں صرف انصاف کیلئے ہے، اسماء جتک

قبائلی رہنماؤں، علمائے کرام، سیاسی و سماجی شخصیات اور تمام درد دل رکھنے والے افراد سے اپیل کی کہ ان کے معاملے کو ذاتی انا یا گروہی تنازعے کی نذر ہونے سے بچایا جائے

**مجھے اور میرے خاندان کو سنگین نتائج کی دھمکیاں مل رہی ہیں انصاف نہ ملا تو قیامت کے دن اللہ کی عدالت میں مقدمہ پیش کروں گی**

کوئٹہ (یو این اے) اسماء جتک نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ ذاتی دشمنی، قبائلی غیرت یا انا کا مسئلہ قرار دینے کے بجائے انصاف، قانون اور بلوچی روایات کے مطابق حل کرنے کی اپیل کرتے ہوئے کہا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

☆☆☆☆☆☆ ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری خواتین کے مسائل سن رہی ہیں ☆☆☆☆☆☆

## سبی سے 14 سالہ بندیا کماری کے مبینہ اغوا کے واقعے پر روی کمار پہوجا کا اظہار مذمت

**اقلیتی برادری خود کو غیر محفوظ اور بے چین محسوس کر رہی ہے، حکومتی تحفظ یقینی بنائیں، ایم پی اے**

سبی (آن لائن) جمیعت علماء اسلام اقلیتی امور کے صوبائی صدر رکن بلوچستان اسمبلی روی کمار پہوجا نے کہا ہے کہ سبی سمیت بلوچستان بھر میں بسنے والے ہندو و اقلیتی برادری لاوارث نہیں سبی سے اغواء ہونے والی کم سن بچی کو فوری طور پر بازیاب کرکے والدین سمیت بلوچستان میں بسنے والی اقلیتی برادری میں پائی جانے والی بے چینی ختم کی جائے انہوں نے اپنے مذمتی بیان میں کہا ہے کہ سبی سے تعلق رکھنے والی بندیا کماری ولد بچے کمار جو انتہائی معصوم بچی ہے۔ جس کی عمر 14 سال ہے پاکستان کے آئین و قانون میں کم عمری کی شادی جرم ہے

### ایف سی بلوچستان کے ستمبر میں 63 فری میڈیکل کیمپس، 8 ہزار سے زائد مریض مستفید

کوئٹہ (آن لائن) ایف سی بلوچستان دفاع وطن کے ساتھ صوبے کے عوام کو طبی سہولیات کی فراہمی میں بھی سرگرم ہے۔ ستمبر کے دوران صوبے کے دور دراز علاقوں میں 63 فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد کیا گیا جن سے 8 ہزار 150 مریض مستفید ہوئے۔

## ٹرانسپورٹرز مسائل کے دلدل میں پھنس چکے ہیں، ظاہر شاہ کاکڑ

**مسافر گاڑیوں کو گھنٹوں روکنے سے ٹرانسپورٹرز اور مسافروں کو مشکلات کا سامنا ہے، رہنماؤں کا بیان**

کوئٹہ (یو این اے) آل پاکستان بس یونین اور پنجاب خیبر پختونخوا بس یونین کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ظاہر شاہ کاکڑ، نائب صدر اقبال سرگڑھ، جنرل سیکرٹری وزیر خان اور ڈپٹی جنرل سیکرٹری عبدالمتین نے کہا ہے کہ ٹرانسپورٹرز اس وقت مختلف مسائل کے دلدل میں پھنس چکے ہیں، بلوچستان میں ٹرانسپورٹ کا کاروبار دن بدن مشکل ہوتا جا رہا ہے، جبکہ کوئٹہ پنجاب روٹ پر ٹائم شیڈول، امن و امان کی صورتحال، جگہ جگہ چیک پوسٹوں اور تلاشی کے نام پر مسافر گاڑیوں کو گھنٹوں روکنے جیسے مسائل نے ٹرانسپورٹرز کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ سے پنجاب اور خیبر پختونخوا کے مختلف شہروں تک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

### فرانس میں ہنگاموں پر وزیر داخلہ مستعفی ہونے کو تیار، میکرون نے پیشکش مسترد کردی

پیرس (آن لائن) فرانس کے صدر ایمانوئل میکرون نے ملک میں پرتشدد مظاہروں کے بعد وزیر داخلہ لوراں نونیز کا استعفیٰ دینے کی پیشکش مسترد کر دی ہے۔ صدارتی دفتر کے مطابق میکرون نے وزیر داخلہ کو پولیس اور سیکیورٹی اداروں میں کمان کا تسلسل برقرار رکھنے کے لیے اپنے عہدے پر کام جاری رکھنے کی ہدایت کی ہے۔

## سبی میں صفائی کی صورتحال بہتر بنانے کے لیے میونسپل کمیٹی سرگرم

**شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنا مشترکہ ذمہ داری ہے، ڈپٹی کمشنر میجر (ر) محمد الیاس کبزئی**

سبی (آن لائن) ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) محمد الیاس کبزئی نے کہا ہے کہ سبی سمیت گرد و نواح میں صفائی کی صورتحال کو بہتر سے بہتر بنا کر عوام کو صحت مند فضا کی فراہمی میں میونسپل کمیٹی سبی اہم رول پلے کر رہی ہے شہریوں کو صاف ستھرا ماحول کی فراہمی ہم سب کی مشترکہ ذمہ داریوں میں شامل ہے صاف صفائی ہماری اسلامی تعلیمات کا بنیادی حصہ بھی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے چیف آفیسر میونسپل کمیٹی سبی ملک عبدالقیوم دہپال سے گفتگو کرتے ہوئے کیا قبل ازیں ڈپٹی کمشنر آفس سبی میں چیف آفیسر میونسپل کمیٹی سبی نے ڈپٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

### جعفرآباد میں عوامی احتساب فورم، بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی پر تشویش

اوستہ محمد (آن لائن) نسا ڈیولپمنٹ آرگنائزیشن کے زیر اہتمام جعفرآباد میں کمیونٹی اکاؤنٹیبلٹی فورم منعقد ہوا جس میں تعلیم، صحت، پینے کے صاف پانی، نکاسی آب اور دیگر بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی سے متعلق عوامی مسائل اجاگر کیے گئے۔ فورم میں شہریوں، خواتین، مزدوروں، نوجوانوں اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے شرکت کی۔ فورم سے خطاب کرتے ہوئے تنظیم کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر نور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

# مولانا فضل الرحمن پر تنقید کرنیوالے اپنی نوکری پکی کر رہے ہیں، غفور حیدری

تنقید سے ثابت ہوتا ہے کہ قائد جمعیت کا تیر درست نشانے پر لگا ہے جس کے باعث مخالفین کی چیخیں نکل رہی ہیں

**مولانا فضل الرحمان کے سیاسی موقف اور سرگودھا میں ہونے والی بڑی کانفرنس سے مخالف قوتیں خوفزدہ ہیں، مرکزی سیکرٹری جنرل جمعیت**

جیکب آباد (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سیکریٹری جنرل اور رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا ہے کہ جو لوگ اسٹیبلشمنٹ کے کہنے پر جے یو آئی سربراہ مولانا فضل الرحمان پر تنقید کر رہے ہیں وہ دراصل اپنے بیانات کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

لاہور، واس چیئرمین بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ بلال کاکڑ اکنامک اینڈ انویسٹمنٹ فورم کے انعقاد کے حوالے سے پریس کانفرنس کر رہے ہیں

### چین کی یاسوکونی مزار سے متعلق جاپانی اقدامات کی مذمت، احتجاج ریکارڈ کرادیا

بیجنگ (یو این اے) چین نے جاپان کی جانب سے یاسوکونی مزار سے متعلق اقدامات کی مذمت کرتے ہوئے جاپانی حکومت کے سامنے باضابطہ احتجاج ریکارڈ کرا دیا ہے۔ شنہوا کے مطابق چینی وزارت خارجہ کی ترجمان ماننگ نے پیر کو بیجنگ میں معمول کی پریس بریفنگ کے دوران کہا کہ جاپانی وزیراعظم سانائے تاکائچی نے 17 اور 19 اکتوبر کو یاسوکونی مزار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

### سعودی وزیر دفاع کا اماراتی صدر سے ملاقات، صورتحال و سیکیورٹی امور پر تبادلہ خیال

دبئی (آن لائن) سعودی وزیر دفاع شہزادہ خالد بن سلمان نے متحدہ عرب امارات کا دورہ کیا ہے۔ اماراتی خبر ایجنسی کے مطابق ابوظہبی میں سعودی وزیر دفاع شہزادہ خالد بن سلمان نے اماراتی صدر شیخ محمد بن زاید آل نہیان سے ملاقات کی۔ اماراتی خبر ایجنسی کا کہنا ہے کہ ملاقات میں خطے کی موجودہ صورتحال اور سیکیورٹی مزید مضبوط بنانے کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سعودی وزیر دفاع نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

## ڈی ای او گوادر زاہد حسین کا گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول باغبازار پشکان کا دورہ، تدریسی امور کا جائزہ

**اسکول کے تعلیمی معیار، نئی عمارت اور طالبات کو درپیش مسائل کے حل کے لیے موثر اقدامات کی یقین دہانی**

گوادر (خ ن) صوبائی حکومت کی تعلیم دوست پالیسی، تعلیمی معیار میں بہتری اور سرکاری تعلیمی اداروں میں تدریسی و انتظامی امور کی موثر نگرانی کے سلسلے میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر گوادر زاہد حسین نے گزشتہ روز گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول باغبازار پشکان کا دورہ کیا جہاں پر انہوں نے مختلف کلاس رومز کا معائنہ کیا اور تدریسی سرگرمیوں، طالبات کی تعلیمی کارکردگی اور تعلیمی ماحول کا جائزہ لیا۔ انہوں نے طالبات سے تعلیمی امور کے حوالے سے گفتگو کی اور انہیں معیاری تعلیم کے حصول، محنت اور باقاعدگی سے تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لینے کی ترغیب دی۔

### عرب امارات کے قریب ٹنگ بوٹ پر میزائل حملہ، ایک شخص زخمی

لندن (آن لائن) متحدہ عرب امارات کے قریب ٹنگ بوٹ پر میزائل حملے کی اطلاع ہے۔ برطانوی میری ٹائم ٹریڈ آرگنائزیشن کا کہنا ہے کہ اماراتی شہر خورفکان کے شمال مشرق میں ٹنگ بوٹ 2 میزائلوں کا نشانہ بنی۔ برطانوی میری ٹائم ٹریڈ آرگنائزیشن کے مطابق حملے سے ایک شخص زخمی ہے، ٹنگ بوٹ کو نقصان پہنچا۔

## آٹا بحران اور قیمت میں اضافہ عوام کیساتھ ظلم ہے، سید صادق آغا

**حکمرانوں کو عوامی مشکلات کا احساس نہیں، آٹے کی قیمتوں پر قابو پانے کیلئے ہنگامی اقدامات کیے جائیں، رہنما پی ٹی آئی**

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے صوبے میں آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے اور غذائی بحران پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کے عوام پہلے ہی بے روزگاری، مہنگائی اور معاشی بدحالی سے دوچار ہیں، ایسے حالات میں 50 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت 8 ہزار روپے تک پہنچ جانا غریب خاندانوں کیلئے شدید مشکلات پیدا کرنے کے مترادف ہے۔ حکومت کی بنیادی ذمہ داری عوام کو دو وقت کی روٹی فراہم کرنے کے قابل بنانا ہے، لیکن موجودہ صورتحال میں عام آدمی کیلئے اپنے بچوں کا پیٹ پالنا بھی ایک بڑا مسئلہ بنتا جا رہا ہے۔

### اڈیالہ جیل کا حوالاتی دوران علاج اسپتال میں دم توڑ گیا

راولپنڈی (آن لائن) اڈیالہ جیل کا حوالاتی دوران علاج اسپتال میں دم توڑ گیا۔ اڈیالہ جیل سے علاج کے لیے لایا گیا حوالاتی ڈی ایچ کیو میں دم توڑ گیا، حوالاتی علی کامران کو گزشتہ روز طبیعت خرابی پر جیل سے ڈی ایچ کیو منتقل کیا گیا تھا۔ پولیس کے مطابق جاں بحق حوالاتی کے خلاف تھانہ ویسٹریج میں منشیات برآمدگی کا مقدمہ درج ہے۔

## اقوام متحدہ کے وفد کا دورہ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب، نظام میں بہتری پر تبادلہ خیال

**وفد نے پراسیکیوشن کے نظام کو مزید موثر، جدید اور عالمی معیار سے ہم آہنگ بنانے کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا**

لاہور (آن لائن) پراسیکیوٹر جنرل پنجاب آفس میں اقوام متحدہ کے ادارہ برائے منشیات و جرائم، یو این او ڈی سی کے وفد نے دورہ کیا، جہاں پراسیکیوٹر جنرل پنجاب چوہدری عرفان صادق تارڑ سے پراسیکیوشن کے نظام میں بہتری اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب آفس میں یو این او ڈی سی کے وفد کے دورے کے دوران پراسیکیوشن کے نظام کو مزید موثر، جدید اور عالمی معیار سے ہم آہنگ بنانے کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا گیا۔ اقوام متحدہ کے وفد میں ارجنٹینا، چین اور امریکہ سے تعلق رکھنے والے قانونی ماہرین شامل تھے، جبکہ ڈائریکٹر جنرل لیگل ایڈ اینڈ جسٹس اتھارٹی نے بھی اجلاس میں شرکت کی۔

## جامعہ گوادر کے پاک چین انسٹی ٹیوٹ میں فنی اور تکنیکی کورسز میں داخلوں کا آغاز

**مختلف ڈپلومہ پروگرامز، اسکالرشپس اور مالی معاونت کی فراہمی، درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ 13 نومبر ہے**

گوادر (خ ن) پاک چین ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل انسٹی ٹیوٹ، جامعہ گوادر میں موسم بہار 2027 کے لیے مختلف فنی، تکنیکی اور پیشہ ورانہ کورسز میں داخلوں کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی اور عملی مہارتوں سے آراستہ کرنے کے لیے تین سالہ ایسوسی ایٹ ڈپلومہ، ایک سالہ ڈپلومہ اور چھ ماہ کے ڈپلومہ و سرٹیفکیٹ پروگرام پیش کیے گئے ہیں تین سالہ ایسوسی ایٹ ڈپلومہ پروگرامز سافٹ ویئر انفارمیشن ٹیکنالوجی، میری ٹائم اینڈ پورٹ مینجمنٹ لاجسٹکس اور سپلائی چین مینجمنٹ میں تخصص، ای کامرس، روبوٹکس انجینئرنگ، ٹورازم مینجمنٹ، ایک سالہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

## وفاقی وزیر عبدالعلیم خان کا میجر وجاہت وحید کی شہادت پر اظہار افسوس

**میجر وجاہت وحید کی شہادت پر پوری قوم کو فخر ہے، عبدالعلیم خان**

اسلام آباد (آن لائن) پسنی دھماکے میں میجر وجاہت وحید کی شہادت پر وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے اظہار افسوس کرتے ہوئے شہید کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ وفاقی وزیر اور صدر آئی پی پی عبدالعلیم خان نے پسنی میں دھماکے کے نتیجے میں میجر وجاہت وحید کی شہادت پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے انہیں خراج عقیدت پیش کیا ہے، عبدالعلیم خان کا کہنا ہے کہ سیکیورٹی فورسز کے آپریشن میں میجر وجاہت وحید کی شہادت پر پوری قوم کو فخر ہے۔ صدر آئی پی پی عبدالعلیم خان نے کہا وطن کے دفاع اور امن کے قیام کے لیے پاک فوج کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، شہداء کی قربانیاں پاکستان کے امن، سلامتی اور استحکام کی ضمانت ہیں۔

## بلوچستان اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے فشریز کا اہم اجلاس، بلوچستان فشریز اینڈ ایکوا کلچر بل پر تفصیلی غور

**وسائل کے تحفظ اور 1961 کے مروجہ قوانین کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے قانونی مسودہ ایوان میں پیش کرنے کی سفارش**

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان صوبائی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے ماہی گیری (فشریز) کا اجلاس کمیٹی روم میں پیر کو بلوچستان صوبائی اسمبلی میں چیئرمین کمیٹی مولانا ہدایت الرحمن کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں کمیٹی کے اراکین ظہور احمد بلیدی، عبدالمجید بادینی اور سید ظفر علی آغا نے شرکت کی، جبکہ سیکرٹری صوبائی اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، سیکرٹری فشریز طارق قمر بلوچ، اسپیشل سیکرٹری عبدالرحمن اور ڈپٹی سیکرٹری قانون احسان برکت بھی اجلاس میں موجود تھے۔ اجلاس میں بلوچستان فشریز اینڈ ایکوا کلچر بل 2026 پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ بل کا بنیادی مقصد صوبے میں ماہی گیری اور آبی زراعت کے شعبوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

# حکمران اپنی ناکامی کا ملبہ فضل الرحمان پر ڈالنا چاہتے ہیں، جمعیت بلوچستان

جمعیت ایک جمہوری و مذہبی جماعت ہے، جس نے ہمیشہ ملک کی استحکام اداروں کا احترام اور عوامی مسائل حل کرنے کے لیے بھرپور کوشش کر رہے ہیں اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز

**حکمران اپنی حکمرانی کی ناکامیوں کا ملبہ مولانا فضل الرحمان پر ڈال کر اپنی نااہلی چھپانا چاہتے ہیں، زہری، اصغر ترین، مختار آغا، زاہد ریکی، نواز کاکڑ، ملک سکندر ایڈووکیٹ و دیگر کا بیان**

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنماء و پارلیمانی ممبران نے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام ایک جمہوری و مذہبی جماعت ہے جس نے ہمیشہ ملک کی استحکام اداروں کا احترام اور عوامی مسائل حل کرنے کے لیے بھرپور کوشش کر رہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

### پشاور: رکشے میں بیٹھی دو بہنوں کا قتل، سی سی ٹی وی فوٹیج سامنے آ گئی

پشاور (آن لائن) پشاور کے علاقے یکہ توت میں رکشے پر فائرنگ کرکے دو خواتین کو قتل کرنے کے واقعے کی سی سی ٹی وی فوٹیج تفتیشی ٹیم نے حاصل کرلی۔ پولیس کے مطابق دونوں خواتین آپس میں بہنیں تھیں، پولیس کے مطابق واقعہ گزشتہ روز تھانہ آغا میر جانی شاہ کی حدود گلدرہ روڈ پر پیش آیا جہاں نامعلوم ملزم نے رکشے میں بیٹھی خواتین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

کوئٹہ، صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور بلیدی سے پارلیمانی سیکریٹری میر اصغر رند ملاقات کر رہے ہیں

### یونانی جزیرے کے قریب تارکین وطن کی کشتی حادثے کا شکار، 6 افراد ہلاک

انقرہ (آن لائن) ترکیہ سے یونان آنے والے غیر قانونی تارکین وطن کی ایک تیز رفتار کشتی کو یونانی جزیرے لیسبوس کے قریب حادثہ پیش آیا، جس کے نتیجے میں ایک شیر خوار بچے سمیت 6 افراد جاں بحق جبکہ 8 افراد کو بچا لیا گیا۔ یونانی میڈیا اور کوسٹ گارڈ کے مطابق حادثہ لیسبوس کے جنوب مشرقی ساحل کے قریب پیش آیا، جہاں تارکین وطن کی کشتی مخالف سمت سے آنے والی کشتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

## محلہ گوم میں بجلی کا پول درست کرتے ہوئے کیسکو اہلکار کرنٹ لگنے سے جاں بحق

**متوفی حاجی رحمت اللہ کی لاش ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کر دی گئی**

قلات (یو این اے) ضلع قلات کے علاقے محلہ گوم میں کام کے دوران بجلی کا شدید جھٹکا (کرنٹ) لگنے سے کیسکو کا ایک اہلکار موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق جاں بحق ہونے والے اہلکار کی شناخت حاجی رحمت اللہ کے نام سے ہوئی ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ مذکورہ اہلکار محلہ گوم میں بجلی کے کھمبے پر چڑھ کر فنی خرابی دور کرنے اور مرمتی کام میں مصروف تھا کہ اس دوران اچانک کرنٹ لگ گیا۔ واقعے کے فوراً بعد اہلکار کو سول سے ہسپتال منتقل کیا گیا، جہاں ڈاکٹروں نے ان کی موت کی تصدیق کر دی۔ پولیس نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

## بریسٹ کینسر کی بروقت تشخیص سے علاج کے بہتر نتائج ممکن ہیں، مریم نواز

**کینسر کے خلاف آگاہی، احتیاط اور بروقت طبی معائنہ زندگی بچانے کے لیے نہایت ضروری ہے، وزیراعلیٰ پنجاب**

لاہور (آن لائن) مریم نواز شریف نے کہا کہ بریسٹ کینسر قابل علاج مرض ہے اور بروقت تشخیص سے علاج کے بہتر نتائج حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے بریسٹ کینسر سے آگاہی کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں بریسٹ کینسر سے متعلق شعور اجاگر کرنے اور بروقت تشخیص کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ کینسر کے خلاف آگاہی، احتیاط اور بروقت طبی معائنہ زندگی بچانے کے لیے نہایت ضروری ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ لاہور میں دنیا کا سب سے بڑا نواز شریف کینسر ہسپتال تعمیر کیا جا رہا ہے، جہاں نواز شریف انسٹیٹیوٹ آف کینسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ سینٹر میں ہر قسم کے کینسر کے علاج کو یقینی بنایا جائے گا۔

## غزہ میں شدید غذائی بحران کا خدشہ، ڈبلیو ایف پی کا امداد میں ایک تہائی کمی کا اعلان

**16 لاکھ کے بجائے 11 لاکھ فلسطینیوں کو غذائی امداد میسر ہوگی، ڈبلیو ایف پی**

نیویارک (آن لائن) اقوام متحدہ کے عالمی ادارہ خوراک (ڈبلیو ایف پی) نے فلسطینیوں کے لیے غذائی امداد میں ایک تہائی کمی کا اعلان کردیا، جس کے بعد غزہ میں شدید غذائی بحران کا خدشہ پیدا ہوگیا ہے۔ ڈبلیو ایف پی کے مطابق مالی وسائل کی کمی کے باعث اب غزہ میں 16 لاکھ کے بجائے صرف 11 لاکھ افراد کو غذائی امداد فراہم کی جائے گی، جبکہ کھانے کی فراہمی بھی روزانہ کے بجائے ایک دن چھوڑ کر کی جائے گی۔ اسرائیلی ناکہ بندی کے باعث غزہ میں لاکھوں فلسطینیوں کا انحصار امدادی مراکز سے ملنے والی خوراک پر ہے۔ ایسے میں غذائی امداد میں کمی سے متاثرہ افراد کی مشکلات میں مزید اضافے کا خدشہ ہے۔

# دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی، سلیم کھوسہ

سیکیورٹی فورسز نے بھارتی سرپرستی میں سرگرم 8 دہشت گردوں کو ہلاک کر کے بڑی کامیابی حاصل کی، دہشت گرد عوامی زندگی اور آمد و رفت کو یرغمال نہیں بنا سکتے، صوبائی وزیر

**دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور عوام کے تعاون سے بلوچستان کو امن و ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کی کوششیں جاری رہیں گی، بیان**

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم کھوسہ نے کوئٹہ، نوشکی اور خضدار میں دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ کامیاب کارروائیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کارروائیوں کے دوران دہشت گردوں کے خلاف موثر حکمت عملی اور بروقت اقدامات سیکیورٹی فورسز کی صلاحیتوں کا ثبوت ہیں بیان جاری کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردی کے خاتمے اور امن و امان کے قیام کے لیے سیکیورٹی فورسز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

## ہم قائداعظم کے پاکستان آئے تھے، کسی نے ہمیں بھٹو کے پاکستان میں دھکیل دیا: خالد مقبول

**70 کی دہائی تک کراچی سندھ کا حصہ نہیں تھا، 5 ہزار سال کی تاریخ سے ملک کا کوئی تعلق نہیں**

کراچی (آن لائن) ایم کیو ایم پاکستان کے چیئرمین ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ قائداعظم کے پاکستان میں کراچی ملک کا دارالخلافہ تھا ہم اور ہمارے اجداد قائد کے پاکستان میں آئے تھے لیکن کسی نے ہمیں بھٹو کے پاکستان میں دھکیل دیا۔ گزشتہ روز پارٹی ارکان سے خطاب کرتے ہوئے خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ نئے صوبوں کا مطالبہ ایم کیو ایم کا ایم کیو ایم سے پہلے کا ہے، پاکستان ہمارے اجداد کی کوششوں سے بنا، قائداعظم کے پاکستان میں کراچی ملک کا دارالخلافہ تھا ہم اور ہمارے اجداد قائد کے پاکستان میں آئے تھے لیکن کسی نے ہمیں بھٹو کے پاکستان میں دھکیل دیا، ہمارا معاملہ بھٹو کے پاکستان سے شروع ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 70 کی دہائی تک کراچی سندھ کا حصہ نہیں تھا، 5 ہزار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

### قطر کا نیا علاقائی دفاعی اتحاد بنانے کا منصوبہ، فوجی صلاحیتیں بڑھانے کی تیاری

دوحہ (آن لائن) قطر نے اپنی فوجی صلاحیتوں کو مزید مضبوط بنانے کے لیے ایک نئی علاقائی دفاعی شراکت داری کا اعلان کرنے کی تیاری شروع کردی ہے۔ قطر کے نائب وزیراعظم اور وزیر مملکت برائے دفاعی امور شیخ سعود بن عبدالرحمن آل ثانی کے مطابق، اس شراکت داری کا مقصد ملک کی دفاعی استعداد میں اضافہ کرنا ہے۔ الجزیرہ کی رپورٹ کے مطابق، قطری حکام نئی دفاعی شراکت داری کے اعلان کی تیاری کر رہے ہیں۔

کوئٹہ، پیپلز پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری ربانی کاکڑ، انجینئر میر دانش کاکڑ، سردار سر بلند جوگیزئی، حاجی علاء محمد خان کاکڑ، ... و دیگر شخصیات پی پی کوئٹہ ڈویژن کے نائب صدر ملک عیسیٰ خان ملازئی کی والدہ اور قبائلی رہنما ملک اسد خان ملازئی کی اہلیہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں